UNIVERSAL
LIBRARY
OU_224597
UNIVERSAL
LIBRARY

السیف اقدم وامر بها اقوم

الحمد لله که بهم کتاب لاجواب گنجینه فنون محاربت وقیع بازی خزینه ضوابط
مدافعت وشمن اندازی مجموعه قواعد هنروری دستور العمل سپاه گری مسومه

تیغ زنی

تصنیف هنر آفرین میدان مبارزت وجگرداری یکه تاز معرکه فتوت وشجاعت گذاری رستم دوران
محمد عبد الغفور خان صاحب جیرا بادی حسب الامایی محمد علیخان صاحب فرزند رشید وخلیفه خانموصوف

در دار الطبع فرخنده طالعی حیدرآباد دکن طبع شد

۱۰۷۰

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی علم الانسان بالسیف والقلم اعطی الدین والملک وعلمہ مالم یعلم
والصلوٰۃ والسلام علی من قال کنت بالسیف نبیا وآلہ وصحبہ المنتخبین برا وتقیا وبعد فاما
الاثنان من السیف والقلم فلا شک ان آیۃ السیف اقدم وامرھا اقوم وآیۃ السیف تحکی آیۃ القلم ولقد
تحقق عند العقلاء النبلاء والعلماء الفضلاء ان الکتب اذا لم تاخذ الممالک فتشری
بالکتاب فی المسالک والدعوۃ بالکتاب غیر الدعوۃ بالضراب ولنعم ما قیل واجاد فی
التمثیل **شعر** السیف اصدق انباء من الکتب ۞ فی حدہ الحد بین الجد واللعب ۞
العلم فی شعب الرماح لامعہ بین الجحیسین لا فی السبعۃ الشہب اسکے اوستاد
فن امیر زمین وزمن حضرت اسد اللہ الغالب علی بن ابی طالب ابوالحسین والحسن ہین۔
فرماتے ہین **شعر** السیف والخنجر ریحاننا ۞ اقی علی الترجس والآس ۞ شرابنا
من دم اعدائنا ۞ وکاسنا جمجمۃ الراس ۞ اور یہہ فن حضرت سے جن کو سکھایا ہے
اونمین اول حضرت محمد بن حنیفہ اور حضرت قنبر اور حضرت مالک اشتر نخعی ہین اور
ہمیشہ یدا بید۔ اور جدا عن جد بعضی اشخاص کے پاس رہا چیدہ چیدہ لوگ جنکے نصیب
تہا انہون نے سیکہا ہے چنانچہ اوسکا طریق موافق سند ایسا ہے جو عرض کیا جاتا ہے

اِس فن کو حضرت امیر المومنین علی ابن ابی طالب کرم اللہ وجہہ سے جناب حضرت
قنبر رضی اللہ عنہ نے پایا اونسے ابو المنصور حسینی اونسے ابو النجر ترمذی اونسے ابو عبد اللہ
بلخی اونسے ابو محمد بروانی اونسے محمد معین الدین اشعثی اونسے سلطان جلال الدین
بخاری اونسے سلطان غیاث الدین سمرقندی اونسے سید ابو القاسم غزنوی اونسے
سید محمد جعفر تبریزی اونسے سید علی پناہ بنگالی اونسے محمد علی شاہ شیرازی اونسے غلام
علی شاہ مکی اونسے مرزا غلام مصطفی بیگ لاہوری اونسے جمال شاہ لنکنی اونسے بہاء الدین
سیالکوٹی اونسے حسن علی شاہ بغدادی اونسے رفیع الدین شاہ مدنی اونسے شمشیر خان
بریلوی اونسے دلاور علی شاہ عربی اونسے غلام رسول صاحب بخوری اونسے شاہ
بنی بخش ملتانی اونسے محمد یار خان قندھاری اونسے شیخ خدا بخش مسقطی اونسے شاہ
شہاب الدین عراقی اونسے شاہ کمال الدین بخاری اونسے میان احمد جائسی اونسے میان
کلو شاہ اونسے شاہ خلیل الرحمن اونسے محمد علی شاہ آزاد اونسے شیخ غلام احمد عظیم آبادی
اونسے غلام حسین صوفی اونسے احمد یار خان گجراتی اونسے سید قیام الدین بنجابی اونسے
فیض اللہ شاہ جونپوری اونسے سعد اللہ قوم بہائی اجمیری اونسے مناجی عرف شیخ محمد بنا
اونسے شیخ نجم الدین دہلوی اونسے جناب مولوی وارث علی لکھنوی خلف الصدق
شیخ نجم الدین صاحب اونسے جناب مغفرت مآب سید اکبر علیصاحب خیر آبادی
نے حاصل کیا۔ فن تلوار و گہہ بانک و پٹہ معہ سپر و لکڑی و بندوق مین ایسے اوستاد کامل
تہے کہ کوئی اونکا نظیر اونکے عہد مین نہ تہا ہزارون شاگرد شہر لکھنؤ اور خیر آباد اور دوسے
شہر و زمین تہے۔ ازان جملہ خاکسار اِس رسالہ کا مصنف ہے اونکا بار اور رہتوما ہے اور
اون ہی سے اِس فن کو حاصل کیا ہے جناب مرحوم و مغفور نے اس ذرہ بیمقدار کو اپنا

متبنی کیا اور زکات اور باریکیان [illegible] کی تعلیم فرما کر اپنا خلیفہ تعلیم کردانا چنانچہ یہہ
شجرہ حضرت امیر المومنین علی ابن ابیطالب علیہ الصلوٰۃ والسلام سے اس فن کا سلسلہ
اسیطرح سینہ بسینہ فرد فرد زرہ بیمقدار عبد الغفور خاں خیر آبادی مصنف رسالہ
ہذا تک پہونچا ہے یہہ ایسا فن ہے کہ ہر فرد بشر کو بنا بر دفع مخالف وحفظ جان خود اسکی ضرورت
ہوتی ہے لہذا اس حاصی پر معاصی نے عہد معدلت مہد میں سرکار جہاندار خدیو سلیمان
حشمت نوشیروان معدلت شہسوار میدان سلطنت وابہت یکتا تاز مضمار شہامت وفتوت
صاحب السیف والقلم المشہور کنار علی علم بین العرب والعجم خدم کی حشم اعلیحضرت
ظل اللہ فی الارضین بادشاہ خطہ دکہن آصف جاہ سادس نواب میر محبوب علیخان بہادر
رستم دوران ارسطوی زمان فتح جنگ نظام الدولہ نظام الملک آصف جاہ بہادر
اعز اللہ جندہ وعساکرہ وحدود دولتہ سیوفہ البواتر علی اعادیہ الاباتر او خاجرہ الشواہر علی
اکزواہر خاجر اعدائہ المقاہر بالنبی الشمس الرسالہ والہ النجوم الظواہر وصحبہ الاکارم الاطالب الاطاہر
اس کتاب کو تصنیف کرکے شکریہ نعمت ولی نعم اپنے نواب مستطاب کردون قباب
خورشید حجاب قمر رکاب عطارد کتاب نواب محمد محی الدین خان تیغ جنگ شمس الامرا
امیر کبیر سرخورشید جاہ بہادر دام اقبالہ وزاد اجلالہ وصاحب بلند اقبال گردون جلال
ذو المجد والکرم صاحب السیف والعلم نواب محمد حفیظ الدین خان بہادر نواب ظفر جنگ
شمس الدولہ شمس الملک بہادر دام اقبالہ لازال مظفر او منصور امرتب کرکے ہر ایک
قدردان ہنر کے ملاحظہ میں پیش کیا تاکہ علی العموم جو کہ اس سے فائدہ اٹھاے ہماری
بادشاہ جمجاہ نواب سرخورشید بہادر دام اقبالہ کمعہ صاحب زادہ والا مناقب وعائر
دوام دولت ابد الآباد دین اور شکر منعم واجب ہے اس فقیر کی یہ بضاعت مزجاۃ از قبیل

زان ملخی پیش سلیمان بردن ہنر است عیب است ولیکن ہنر است از مورے۔ امید کہ بدیدۂ قبول مقبول ہوے آمین ثم آمین یارب العالمین۔ اب کمترین بعد از دعا یہ ہر حرف مطلب زبان قلم پر لاتا ہے کہ اس احقر کی عمر چوراسی سال سنہ ۱۳۱۶ ہجری تک پہونچی اور بڑے بڑے اوستادان نامی گرامی کی کثرت دیکھی اور اپنا بھی کمال دکھلایا چونکہ کمترین کے شاگرد بہت سے ملکون مین ہین اور نیز حیدرآباد فرخندہ بنیاد مین بڑے بڑے امرائے عظام کے صاحبزادے عاجز کے شاگرد ہین۔ یکایک میرے دلمین یہہ خیال گذرا کہ اب ایسے اوستاد سے تیرا سامنا ہونے والا ہے کہ جسکے ضرب سے کوئی نہین بچا نہ بچسکتا ہے۔ چاہیئے کہ کچھہ یادگار کے طور پر تو بھی چھوڑ چل تاکہ تیرا نام ہو اور فائدہ عام ہو **مصرع** من نمانم این بماند یادگار۔ چنانچہ جناب نواب محمد حیدر علیخان اشرف الحکما فلاطون جنگ نواب لقمان الدولہ بہادر اصاف سرجن اعلیحضرت بندگانعالی متعالی مظلہ العالی۔

اور جناب نواب محمد مرزا ذوالقدر بیگ خان بہادر نواب ذوالقدر جنگ بہادر دام اقبالہ صاحبزادے عالیجناب محمد آغا مرزا بیگ خان بہادر نواب سرور جنگ سرور الملک بہادر دام اقبالہ کے۔

اور جناب محمد مرزا اسجاد بیگ خان بہادر نواب عثمان نواز جنگ بہادر دام اقبالہ صاحبزادے نواب صاحب ممدوح۔

اور جناب راجہ لوچن چند بہادر آصفجاہی دام اقبالہ۔

اور جناب راجہ اندر کرن بہادر آصفجاہی دام اقبالہ۔ فرزند راجہ راجمان راجہ مرلی منوہر مہاراج آصف نواز دنت بہادر محاسب سرکار عالی۔

اور جناب محمد ولایت حسین خان بہادر دام اقبالہ فرزند نواب معتضد جنگ بہادر
جائینٹ معتمد نظم جمعیت سرکار عالی و فرزند محمد علیخان خلیفہ تعلیم سب صاحب ہی
میرے ہم خیال ہوے۔
اور کمترین کو مجبور کیا کتاب کمترین نے جو نکات کہ اساتذہ کاملین سے سینہ بسینہ حاصل
ہوے تھے اونکو اچھی طرح اس رسالہ مین درج کردیئے اور نام اس کا **آئین حرب**
و قوانین ضرب رکھا اور جاننا چاہیئے کہ اسلحہ حرب بہت ہین اونکو
مختصر بیان کرتا ہون جنکی بالفعل ضرورت ہے۔ تلوار و سیف و پٹہ و خنجر و کٹار کی ورزش
تین قسم سے کرتے ہین پہلے ایک دستی دوسرے دو دستی تیسرے پٹہ و سپر سیف و سپر
تلوار و سپر انکے قاعدہ مین تہوڑا تہوڑا فرق ہے اور لکڑی کی مشق علیحدہ ہے دو شخص
کرتے ہین اسکے ضربونکے نام اور مقام ضرب مارنیکے باب کی پہلی فصل مین تحریر ہین اور
پیش قبض کی کثرت کو بہت قسمونسے کرتے ہین یعنے ان اسلحہ سے پیش قبض خنجر و
جمدہ و کٹار و بچھوا و جمدہر وغیرہ اس کثرت کا نام گہہ بانک مشہور ہے اس مین بہت
وسعت ہے جسقدر غور کیا جاے مقصود ہاتھ آوین اور انداز نیچونکے اور ضرب مارنے اور
روکنے کے اور کل کثرتون مین اسکے بیچ ہین سبکا ذکر موقع موقع پر تحریر کیا ہے مگر نام علیحدہ
علیحدہ اوستادون نے ہر زبان مین رکھکر مشہور کئے ہین اور تیر اندازی و شرط بازی
و توپ و بندوق وغیرہ کا فن سیکھنا پر ضرور ہے دیکھو شاہان اولوالعزم اپنے سپاہ کو قواعد
حرب وغیرہ سکھلا کر ہر روز مشق کراتے ہین اور وقت جنگ کے جس سلاح کا موقع و
محل ہوتا ہے اوسی سے کام لیتے ہین مثلاً توپ و بندوق و تیر اندازی وغیرہ کا موقع
قلعہ و صف جنگ مین ہوتا ہے بغیر ان حربونکے قلعہ کشای و میدان داری نہین

ہوسکتی اور جنگ مغلوبہ مین تلوار و پٹہ و نیزہ بازی و سیف و شیگن وغیرہ سے کام نکلتا ہے
اور دربار یا محفل یا غول مین یا جہان دس بیس ہم جنس ایک جا ہون وہان پیش قبض و جنبیہ
و خنجر و بچھوا و کٹار وغیرہ خوب کام مین آتے ہین اور ان مقامون پر اسلحہ مرقومہ بالا کام مین
نہین آتے بینے اکثر مقام پر دیکھا ہے کہ امرا سے غلام و اہلکاران و ارکان ریاست
پر اکثر لوگون نے دست اندازی کی ہے اور اکثر صاحبون کا قتل ہوا کہ توپ اور بندوق
و تیر وغیرہ کے روبرو اور فن کا مشق کرنا بیکار ہے یہہ اون کا خیال خام ہے ہر
حربی کا موقع و محل ہے خاکسار سے ایک صاحب نے سوال کیا کہ گولا و گولی اور تیر کی
کیا روک ہے۔ بینے جواب دیا یہہ ہین قلعہ و خندق و مورچہ جو تہے حیات وہ ہر وقت
ہر شخص کی نگہبان ہے چنانچہ ایک شخص نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی خدمت
شریف مین حاضر ہوکر عرض کیا کہ یا حضرت مین اپنی جانکو بہت عزیز رکھتا ہون اور
مرنے سے ڈرتا ہون کوئی تعویذ ایسا سرفراز ہو کہ میرے دلسے خوف جاتا رہے آپ
نے ارشاد فرمایا کہ تیری حیات تیری نگہبان ہے وہ کل آفتونسے تجھکو بچاویگی اور
جب قضا اویگی اوس سے نہین بچیگا یہہ سنکر اوسنے عرض کیا کہ حضرت اب میرا
خوف جاتا رہا۔ لہذا جس حربے کی ضرب ہے اوسکی روک بھی اساتذہ نے نکالی ہے
اور جس حربے کی روک نہین وہ مسلم الثبوت نہین مگر ہر سلاح کی ورزش علیحدہ ہے مثلاً
پہلکیت سے کہا جاے کہ آپ پٹہ کا فن دکھایئے تو جواب دیگا مین نہین جانتا ہون
اور پٹہ باز سے سوال کیا جاوے کہ آپ پہلکتی دکھایئے جواب دیگا مین نہین جانتا ہون
اگر بکیت سے سوال کیا جائے کہ آپ تنہا اپنا فن دکھایئے تو جواب دیگا کہ بغیر دوسرے
شخص کے نہین دکھا سکتا ہون ان جوابونکے حل نہونے کیوسطے آسان طریقہ مین احقر

نے بہت غور و فکر سے یہہ فن نوایجاد کیا ہے کہ باسانی جس ہتیار سے چاہے ہر فن کو دکھا سکتا ہے حتی کہ لکڑی سے بھی ہر فن کو بتا سکتا ہے پہلے باب مین تلوار و لکڑی و یکدستی و دو دستی پٹہ و سیف و سپر و جنبیہ و کٹار و دو دستی فنونکے ذکر ہین انکے بھی فن دریاے بیانان ہین بطور نمونہ کے تھوڑے تھوڑے قاعدے تحریر ہین اب اوستادان اہل کمال و اساتذہ انصاف پسند سے امید ہے کہ بچشم غور ملاحظہ فرماکر جہان کہین غلطی دیکھین اوسکو قلم صحت سے درست فرماکر خاکسار کو ممنون فرماوین - جاننا چاہئے کہ یہہ فن گہہ بانک دریاے ناپیدا کنار ہے اس مین جسقدر غواصی کیجاوے اوسیقدر گوہر مقصود ہاتہہ آوین اب کمترین اس رسالہ کو دو باب پر منقسم کرتا ہے **پہلا باب** تلوار اور لکڑی اور یکدستی پٹہ و دو دستی پٹہ و سیف و سپر و جنبیہ و کٹار دو دستی فنونکے بیان مین اسمین چار فصلین ہین **پہلی فصل** تلوار اور لکڑی کے ابدا زمین **دوسری فصل** تلوار اور لکڑی کے پیچون مین - **تیسری فصل** یکدستی پٹہ اور دو دستی پٹہ و سیف و سپر کے ذکر مین **چوتہی فصل** جنبیہ اور کٹار کے انداز مین **دوسرا باب** فن گہہ بانک مین اس مین **بارہ** فصلین ہین **پہلی** فصل سوال و جواب مین ضرب اور روکنے کے اقسام ہین - **دوسری** فصل سلامونکے انداز مین **تیسری** فصل گہائیونکے انداز مین **چوتہی** فصل داہنی طرف کے پیچونکے انداز مین **پانچوین** فصل داہنی طرف کے توڑ اور پیچونکے ذکر مین **چہٹی** فصل بائین طرف کے پیچونکے انداز مین **ساتوین** فصل بائین طرف کے پیچونکے توڑ مین **آٹہوین** فصل سامنے کے پیچونکے انداز مین **نوین** فصل سامنے کے پیچونکے توڑ مین **دسوین** فصل کہڑے پیچونکے انداز مین **گیارہوین** فصل کہڑے پیچونکے توڑ مین **بارہوین** فصل جسم کے بلون اور لڑائی کے انداز اور لچے کی چوٹونکے اصول اور چند

ضروری باتونکے بیانمین ۔ فصل اول تلوار اور لکڑی کے اندازمین

اپنے داہنے اور بائین ہاتھہ سے حریف کے بائین اور داہنے اور سامنے مختلف مقامونپر
جو ضربین مارتے اور رد کرتے ہین۔ اونکا طریقہ یہہ ہے یعنے داہنی ضربین اپنے داہنے پاؤنکو
آگے بڑہاکر مارے اور داہنے پاؤنکو آگے بڑہاکر روکے اور بائین ضربین اپنے بائین
پاؤنکو آگے بڑہاکر مارے اور بائین پاؤنکو آگے بڑہاکر روکے اور سامنے کی ضربین اپنا
تہورا سا داہنا پاؤن آگے بڑہاکر مارے اور رد کرنے کے وقت دونون پاؤن برابر ہودین
یا جیسا موقع ہو۔ اور اونکے نام یہہ ہین۔ سیدہی چاکی طمانچہ جنیہ سیدہا بہنڈارا کرک
سیدہی پہانک اور داہنے طرف کی ضربونکے نام یہہ ہین۔ اولٹی چاکی باہیرہ اولٹا جنیوا
کمر بائین پوکھر پالٹ اولٹی پہانک اور سامنے کی ضربین یہہ ہین۔ سر مونڈہا پلٹا
لنگوٹ انی ناخنہ ہتکٹی شرح ضرب سیدہی چاکی سر کے جبرے اور پاؤنکی ایڈی
تک جو جگہہ خالی دیکہے مارے۔ ضرب طمانچہ حریف کے بائین طرف کانکی لوسے
ہانس تک مارے ضرب سیدہا جنیوا حریف کے بائین طرف ہانس اور کولے تک
کہینچتا ہوا ہاتہہ مارے ضرب بہنڈارا حریف کے بائین طرف کولے اور پسلیونکے درمیان
مارے۔ ضرب کرک حریف کے داہنے اور بائین پاؤنکے گہٹنہ پر مارے۔ ضرب داہنی
پہانک حریف کے کولے سے مونڈہے تک کہینچتا ہوا ہاتہہ مارے۔ جاننا چاہیئے کہ بائین
اور داہنی طرف کی ضربین یکسان ہین اور سامنے کی ضربونکی شرح۔ ضرب سر کا ہاتہہ
بیچ سر مین مارتے ہین۔ ضرب مونڈہا گردن اور مونڈہے کے درمیان مارے۔ ضرب
پلٹا اولٹا سر تا کر سیدہا سر مارے۔ ضرب لنگوٹ مقام لنگوٹ سے چہرہ تک مارے
ضرب ناخنہ پاؤنکے پنجہ پر کہڑا ہاتہہ مارے۔ ضرب ہتکٹی کلائی کے قریب مارے۔

سوا انکے اور بھی مقام ہین مختصر ہر ایک کا بیان ہے۔

ٹھاٹہہ تلوار داہنے ہاتہہ مین تلوار لیکر دونون پاؤن برابر کرکے چارون طرف دیکھکر داہنا پاؤن اور داہنا ہاتہہ ایک ساتہہ اوٹھاکر تہوڑا سا داہنا پاؤن آگے بڑہاکر رکہے اور ہاتہہ کو سیدہا تان دے مگر داہنے پاؤن کے گٹنے مین خم دے اور بائین پاؤن کا پنجہ مقابل ٹیک کر کہڑا ہو

تصویر ٹھاٹہہ تلوار



انداز سلام دونون شخص ٹھاٹہہ پر تن کر کہڑے ہوکے داہنے اور بائین طرف دیکھکر داہنا ہاتہہ اور داہنا پاؤن آگے بڑہاکر تین قدم پیرہ چلکر طمانچہ اور کڑک اور سر مار کر سلام لیوین پہلا حملہ حیدری اپنا داہنا پاؤن آگے بڑہاکر طمانچہ مارے اور بائین پاؤن کو آگے بڑہاکر کمر مارے دوسرا داہنے پاؤن پر طمانچہ اور بائین پاؤن پکڑ روک کے سر مارے

وہ سر روک کے کڑک جنیوا مارے یہہ دونون چوٹین روک کے باہرہ مارے اور وہ
روک کر بہنڈارا مارے پہر دوسرا شروع کرے۔ دوسرا حملہ اکبری ٹہاٹہہ پر ہو کر طمانچہ
اور پالٹ مارے دوسرا شخص طمانچہ روک کر اور پالٹ خالی دیکر مونڈہا مارے
یہہ روک کر پوکہر مارے اور وہ روک کر بہنڈارا مارے اور یہہ روک کر سر مارے
تیسرا حملہ علی بند ٹہاٹہہ پر کہڑا ہو کر طمانچہ اور کمر اور سر مارے دوسرا شخص یہہ
چوٹین اوسی قاعدے سے روک کر بہنڈارا مارے پہر وہ روک کر جنیوا مارے یہہ روک کر
سر مارے۔ چوتہا حملہ عباسی ٹہاٹہہ پر ہو کر طمانچہ مارے دوسرا شخص کمر مارے
پہر وہ کمر یہہ طمانچہ مارے اوسکا بہنڈارا اوسکا باہرہ اوسکا باہرہ اسکا بہنڈارا اوسکا
سر اسکا لنگوٹ اسکا سر اوسکا لنگوٹ پہر شروع کرے۔ پانچوان حملہ عثمانیہ ٹہاٹہہ پر
مقابل ہو کر سر پر سر باہرہ پر باہرہ طمانچہ پر طمانچہ بہنڈارے پر بہنڈارا پالٹ پر پالٹ
کڑک پر کڑک مونڈہے پر مونڈہا پوکہر پر پوکہر جنیوا پر جنیوا لنگوٹ پر لنگوٹ سر پر سر مارے
جو شخص ان ضربونکی اچھی طرح مشق باقاعدے کریگا وہ مقابلہ مین اچھا رہیگا۔

دوسری فصل تلوار اور لکڑی کے پیچونکے بیان مین۔

واضح ہو کہ پیچونکے بندش کے بہت اقسام ہین یعنے لکڑی یا اوسوقت جو چیز ہاتہہ مین ہو
اوس سے اور قاعدے دست بقبضہ ہونے اور تلوار نہ کہینچنے اور چہین لینے اور دشمن
پر غالب ہونیکے ہین۔

پہلا قاعدہ جب حریف دست بقبضہ ہووے اور قصد تلوار کہینچنے کا کرے
تو یہہ جلد پیلہ اوسکی تلوار کا مع میان اپنے داہنے ہاتہہ سے پکڑ کر آگے بڑہا دیوے اور اپنا
اپنا داہنا پاون بہی اوسکے داہنے طرف بڑہا دیوے جب وہ پیچہے ہٹے تو یہہ اور بڑہتا

چلا جاوے تلوار نہ کھینچی گی

پہلے قاعدہ کی تصویر



دوسرا قاعدہ جب حریف دست بقبضہ ہووے اور قصد تلوار کے کھینچنے کا کرے تو یہہ پہلے اوسکی تلوار کا مع میان اپنے داہنے ہاتھہ سے پکڑ کر آگے بڑہا دیوے اور اوسکی تلوار کے قبضہ کو اپنے بائین ہاتھہ سے داہنی طرف پلٹ دیوے اور اپنے ہاتھ تلے سے مع قبضہ کے نیچے کو ہکا دیوے تاکہ پناہ قبضہ کی اوسکی اونگلیون نہین چہنے تلوار نکل جاویگی۔

تیسرا قاعدہ جب حریف دست بقبضہ ہووے اور قصد تلوار کھینچنے کا کرے تو یہہ پہلے اوسکی تلوار کا مع میان اپنے داہنے ہاتھہ سے پکڑ کے آگے بڑہا دیوے اور اپنے بائین ہاتھہ سے اوسکے قبضہ کی کٹوری کو پکڑ کر نیچے کو دباوے اور اپنی داہنے ہاتھہ سے ہکا دیکے بل پر اوسکے تلوار نکال لیوے اور اگر اوسکا ہاتھہ طاقت دار دیکھے تو اپنا گھٹنہ بہی اوسکے

ہاتھہ پر مار کر تلوار چھین لیوے۔

چوتھا قاعدہ جب حریف دست بقبضہ ہووے تو یہہ جلد پیلہ اوسکی تلوار کا مع میان داہنے ہاتھہ سے پکڑ کے اپنے بائین ہاتھہ سے اوسکے قبضہ کو پکڑ لیوے اور اوسیطرح پیلہ تلوار کا پکڑے ہووے اوسکے داہنے ہاتھہ پر ہتکا مار کر تلوار لیوے۔

پانچوان قاعدہ جب حریف دست بقبضہ ہووے اور ارادہ تلوار کھینچنے کا کرے تو یہہ جلد پیلہ اوسکی تلوار کا مع میان اپنے داہنے ہاتھہ سے پکڑ کر اپنا بایان ہاتھہ نیچے سے اوسکی ہتھی پر ڈال کے اور پیلہ کو چھوڑ کر اپنے داہنے ہاتھہ سے اوسکی مٹھی کو تاوہ دیکر نیچے کو ہکا دیوے ہاتھہ پر بل شدید پہونچیگا اور تلوار چھوٹ جاویگی۔

چھٹا قاعدہ جب حریف دست بقبضہ ہووے اور قصد تلوار کھینچنے کا کرے تو یہہ پیلہ اوسکی تلوار کا مع میان اپنے داہنے ہاتھہ سے پکڑ کر اپنا بایان ہاتھہ اوسکے قبضہ پر اندر سے لاکر بائین طرف کو تاوہ دیوے اور اپنے داہنے ہاتھہ سے پیلہ چھوڑ کر اوسکی تلوار کو پکڑ لیوے اور اپنے بائین ہاتھہ سے اوسکی ہتھی پکڑ کر اپنی بائین طرف چکر کھا کے ہکا دیوے تلوار چھوٹ جاویگی

ساتوان قاعدہ جب حریف دست بقبضہ ہووے اور قصد تلوار کھینچنے کا کرے تو یہہ جلد پیلہ اوسکی تلوار کا مع میان اپنے داہنے ہاتھہ سے پکڑ کر اپنا داہنا پاؤن آگے بڑہا دیوے اور اوسکے قریب پہونچکر اپنے بائین ہاتھہ سے اوسکے قبضہ کی مٹھی نیچے سے پکڑ کے اپنا داہنا ہاتھہ اوسکے داہنے ہاتھہ کے نیچے سے ڈال کے اوسکے قبضہ کو مع مٹھی بل دیکر پکڑے اور تاوہ دیکر اپنے طرف کو ہکا دیکے تلوار چھین لیوے۔

ساتوین قاعدہ کی تصویر



آٹھوان قاعدہ جب دونون شخص ایک جا بیٹھے ہون اور ایک کے پاس کٹار اور دوسرے کے پاس تلوار ہے اور دونون یہہ کہتے ہین کہ ہم اول میان سے نکال کر ضرب لگاینگے تو اوسوقت یہہ کرنا چاہیئے کہ دونون شخص جب قبضون پر ہاتھہ ڈالین تو یہہ فوراً اپنا داہنا پاؤن بڑہا کر اپنی کٹار پر رکھکے اپنے داہنے ہاتھہ سے اوسکی تلوار کا پیلہ مع میان پکڑکر آگے بڑہا دیوے اور اپنے بائین ہاتھہ سے اپنی کٹار کھینچکر اوسکے پیٹ پر رکھدیوے۔

آٹھوین قاعدے کی تصویر



بہ شخص میان سے تلوار کھینچنا چاہتا ہے۔

بہ شخص تلوار کو دبا اور کٹار کو اوسکے پیٹ پر رکھدیا

پہلا پیچ تلوار کا جب حریف تلوار کھینچ کے چوٹ تانکے کھڑا ہووے تو یہہ جلد اپنا بایان پاؤن آگے بڑہا کے اپنے دہنے پاؤن کا پنجہ اوسکے داہنے پاؤن کے پنجہ پر رکھے اور اپنا بایان ہاتہہ اوسکے ہاتہہ کے اندر سے لاکر تاؤ دیکے اوسکے قبضہ کو پکڑ لیوے اور اپنے داہنے ہاتہہ سے اوسکے داہنے ہاتہہ کی کہنی پر تہپکی مار کے اپنے بائین طرف کو پلٹ دیوے اور اپنے بائین ہاتہہ سے ہکا دیکے اوسکی تلوار چہین لیوے۔

پہلے پیچ کی تصویر

عدو بند



دوسرا پیچ

جسوقت حریف تلوار کھینچ کے چوٹ تانکے کھڑا ہووے تو یہہ جلد اپنا بایان پاؤن آگے بڑہا کے اپنے داہنے پاؤن کا پنجہ اوسکے داہنے پاؤن کے پنجہ پر رکھکے اپنا بایان ہاتھہ اندر لاکے اوسکے قبضہ کو پکڑلیوے پہر اپنا داہنا ہاتھہ اوسکے داہنے ہاتھہ کے نیچے لیجاکے اپنے داہنے ہاتھہ کی کلائی اوسکے گلے مین ڈالدیوے اور اپنے بائین ہاتھہ کا ہمکا دیکے اوسکی تلوار چھین لیوے۔

تیسرا پیچ جب حریف تلوار کھینچ کے مارے تو اوسکی تین صورتین ہین اول داہنے طرف کی چوٹین۔ دوسرے بائین طرف کی چوٹین۔ تیسرے سامنے کی چوٹین۔ اگر حریف طمانچہ مارے تو یہہ اوسکے طمانچہ کو ٹال دیوے۔ یعنے چوٹ نکلنے کے ساتھی کچھہ تہوڑا آگے بڑہ کے اپنے جسم کو مع سر کے بائین اگر دش دیکے اپنے داہنے ہاتھہ سے اوسکی کلائی مارکے ہاتھہ کو پلٹ دیوے پہر اپنے

پاؤن کا گھٹنہ زور سے اوسکے داہنے ہاتھہ کی کہنی پر مار کے اوسکی تلوار چھین لیوے
ایضاً جب حریف باہرہ مارے تو یہہ فوراً پھیرہ کر کے اوسکے داہنے پاؤن کے
پنجہ پر اپنے بائین پاؤن کا پنجہ رکھکے اپنی لکڑی پر اوسکا باہرہ روک کے لکڑی کو بغل
کے نیچے سے نکال کر دنڈ پر سے لیجا کے اوسکے حلق مین اٹکا دیوے



تیسرے پیچ کی تصویر

چوتھا پیچ جب حریف داہنی کمر مارے تو یہہ اوسکے بائین جانب سے اپنے
اوسکی کلائی کو پکڑ کے بل کے ساتھی نیچے دباوے اور اپنے بائین ہاتھہ سے اوسکی کہنی
کے نیچے تھپکی دیکے اوپر کو اوٹھاوے اور اپنا داہنا پاؤن اوسکے داہنے پاؤن کے
نیچے جوڑ پر مار کے اوسکو گرادیوے۔

پانچوان پیچ جب حریف پالٹ مارے تو یہہ اوسکی ضرب کو خالی دیوے
جب حریف کا ہاتھہ ضرب مار کے بائین طرف کو کھچے تو یہہ جلد آگے بڑھ کے اپنے
داہنے ہاتھہ سے اوسکے قبضہ کی ٹہولی کو پکڑ لیوے اور اپنے داہنے [illegible] کا مکا زور سے
اوسکے داہنے ہاتھہ پر مار کے اوسکی تلوار چھین لیو۔

طا

چھٹا پیچ جب حریف کڑک مارے تو یہہ چوٹ کو اپنے دونون پاؤن مین خم دیکے خالی دے اور اوسکی بائین طرف آکے جو چیز کہ اوسکے ہاتہہ مین ہووے۔ مثلاً چھری یا تلوار یا رومال یا کپڑا اوسپر روک کے اپنے بائین ہاتہہ سے اپنے چھری یا تلوار یا لکڑی کی پشت پکڑ لیوے اور بیٹہہ جاوے جب وہ ہاتہہ مارے تو اوسپر روک کے اپنے داہنے ہاتہہ سے اوسکے ہاتہہ کو گانٹہہ لیوے اور اپنا داہنا پاؤن اوڑا کے اوسکے ہاتہو کو باندہ لیوے۔

ساتوان پیچ جب حریف باہرہ مارے تو یہہ اوسکی داہنی طرف آکے آگے پاؤن بڑہا کے لکڑی پر اوسکی ضرب روک کر اوسکی بغل کے اندر ڈال کے حریف کی کلائی پر مونڈہے کے اوپر سے لاکے اوسکے حلق مین لگا دیوے اور اپنے بائین ہاتہہ اوسکی کہنی پر ٹیکی دیکے تلوار چھین لیوے۔

ساتوین پیچ کی تصویر



آٹھوان پیچ جب حریف بائین کمر مارے تو یہہ اوسکے ہاتہہ کو لکڑی یا تلوار سے روک کے اوسکی بائین طرف جا کے اپنے بائین پاؤن کا گہٹنہ اوسکے ہاتہہ کی کہنی پر مار کے بیٹہہ جاوے

نوان پیچ جب حریف پالٹ مارے تو یہہ اپنا داہنا پاؤن اوڑا کے اپنی بائین جانب لا کے خالی دیوے جب اوسکا ہاتہہ چوٹ مار کے بائین طرف کھینچے تو یہہ جلد اپنے داہنی طرف آگے بڑہ کے اپنے داہنے ہاتہہ سے اوسکی تلوار کی مٹہولی کو پکڑ لیوے اور اپنے داہنے پاؤن کا پنجہ زور سے اوسکے داہنے ہاتہہ پر مار کے تلوار چہین لیوے۔

دسوان پیچ جب حریف سر مارے تو اندر ڈوب کے ہاتہہ اونچا کر کے اوسکے داہنے ہاتہہ کا انگوٹھا اپنے داہنے ہاتہہ سے پکڑ کے اپنے بائین ہاتہہ سے اوسکی کہنی مین ہکا دیکے اوٹھا دیوے اور اپنے داہنے ہاتہہ مین خم دیکے حریف کے ہاتہہ سمیت اوسکی گردن مین ڈال کے کہینچ لیوے وہ چت گریگا جب وہ گرے تو اوسکی چہاتی پر چڑہ بیٹہے اور اوسکا کام تمام کرے۔

ایضاً دوسرا انداز جب حریف ہنڈارہ مارے تو یہہ پیترہ کر کے اپنی لکڑی سے اوسکی کلائی معہ تلوار کا گہٹنہ لیوے اور اپنا داہنا پاؤن اوسکے پاؤن کے متصل رکہکر بیٹہہ جاوے



دسوین پیچ کی تصویر

گیارہوان پیچ جب حریف لنگوٹ کا ہاتہہ مارے تو یہہ اپنے داہنے پاؤن سے اوسکی بائین طرف جاکے اپنے بائین ہاتہہ سے اوسکی داہنے ہاتہہ کی گدی پکڑے اور اپنے داہنے ہاتہہ سے اوسکا انگوٹھا پکڑکے بل پر گرادیوے۔

بارہوان پیچ جب حریف بائین طرف وار کرے تو یہہ اپنے داہنے ہاتہہ سے اوسکی کہنی مین خم دیکے اپنی لکڑی کو اوپر سے اوسکے داہنے ہاتہہ اور بغل کے نیچے سے اوسکی پیٹ مین لگادیوے اور اپنے داہنے ہاتہہ کو اپنی داہنے طرف اور بائین ہاتہہ کو بائین طرف کہینچے کہ حریف کے ہاتہو نمین ضرب پہونچیگی۔

ایضاً دوسرا انداز جب حریف سر مارے تو یہہ پیترہ کرکے فوراً اوسکی داہنے طرف آکر پیترہ سے لکڑی پر سر روک کر اپنے بائین ہاتہہ سے اوسکا ہاتہہ پکڑکے تاؤ دیوے اور اپنی لکڑی سے اوسکی مارے۔



بارہوین پیچ کی تصویر

تیرہوان پیچ جب حریف وار کرے تو یہہ اپنا داہنا پاؤن آگے بڑہاکے بائین طرف رکھے اور اپنے بائین طرف چکر کہاکے اپنے بائین پاؤن کو پیچہے رکھے اور داہنے

لگرسی اوسکے داہنے ہاتہہ کی جوڑ پر مارے۔

چودہوان پیچ جب حریف کے مقابل کہڑا ہووے تو اپنے دونون ہاتہونسے پلو رومال کے پکڑ لیوے اور اپنا داہنا پاؤن آگے بڑہا کے حریف کی زد کے نیچے سے الگ ہوجاوے پھر اپنا رومال ہاتہہ کی کلائی کے نیچے لگا لیوے جب اوسکی زد تمام ہونیکو ہووے نیچے اوسوقت اوسکے داہنے ہاتہہ کو ہکا دیکے اوسکی پشت کی طرف پلٹ دیوے تو تلوار حریف کی پکڑ لیوے۔

پندرہوان پیچ جب حریف وار کرے تو یہہ جلد اپنا داہنا پاؤن آگے بڑہا کے اوسکی زد خالی دیکے اپنا رومال اوسکے ہاتہہ کی کلائی مین لپیٹ دیوے پھر اپنے رومال اپنے دونون ہاتہونسے اوسکی گردن مین لپیٹ کے جہٹکا دیکے گرا دیوے۔

سولہوان پیچ جب حریف وار کرے تو اپنا داہنا پاؤن آگے بڑہا کے اوسکے داہنی طرف رکھے اور اپنا بایان پاؤن اپنی بائین طرف پشت کے پیچھے رکھے پھر اپنے داہنے ہاتہہ سے اوسکی داہنے ہاتہہ کی کلائی پکڑ کے نیچے کو دباوے اور بائین ہاتہہ سے اوسکی کہنی پر تہپکی دیکے اوپر اوٹھاوے اور اپنے داہنے پاؤن کا پنجہ اوسکے پاؤن کے جوڑ پر زور سے مار کے اوسکو چت گرا دے۔

سترہوان پیچ جب دیکہے کہ حریف خوب چوٹین چمکاتا ہے اور کسی طرح سے آگے بڑہنے نہین دیتا ہے تو یہہ جلد اپنی دستار یا دوپٹہ یا رومال اوسکے منہ پر کہینچ کر مارے آنکہہ اوسکی خواہ مخواہ جہپک جاویگی پھر یہہ جلد آگے بڑہ کے اوسکے قریب ہوجاوے اور قبضہ اوسکی تلوار پکڑ لیوے جسطرف اوسکے ہاتہہ مین بل پڑتے تاؤ دیکے اوسکی تلوار چہین لیوے۔

اٹہارہوان پیچ جب دیکہے کہ حریف چوٹین خوب چمکاتا ہے اور کسی مقام پر بہٹنے نہین دیتا ہے تو یہہ اوسکو دہوکا دیوے یعنی باواز بلند اوسکی پشت کی طرف مخاطب ہو کر

کہے کہ ہان خبردار تم نہ مارنا اس آواز پر حریف ضرور اپنی پشت کی طرف دیکھیگا بس یہہ جلد پیترہ کرکے اوسکے قریب آجاوے اور اوسکی تلوار کا قبضہ بل دیکے پکڑ لیوے اور جسطرف ہاتہہ کا بل ہو اوسطرف ہاتہہ پرتاؤ دیکے تلوار چھین لیوے۔

اونیسوان پیچ جب حریف کے ہاتہہ مین تلوار ہووے اور اپنے ہاتہہ مین بہی تلوار ہووے تو اوسکی دو صورتین ہین ایک تو مارنا حریف کا کہ یہہ بہتر نوع ہوسکتا ہے دوسرے وہ زخمی نہ ہووے فقط تلوار چھین لیوے اوسکا طریقہ یہہ ہے کہ جب طمانچہ مارے تو یہہ اپنا بایان پاؤن آگے بڑہاکے اوسکا طمانچہ اپنی تلوار پر روک لیوے پہر اپنے داہنے پاؤن کا پنجہ اوسکے داہنے پاؤن پنجہ پر رکہکے اپنا بایان ہاتہہ اندر سے لیجاکے اوسکے داہنے ہاتہہ کو پکڑ لیوے اور پہر تلوار کا قبضہ زور سے اوسکی بائین طرف گردن مین مارکر اپنے بائین ہاتہہ کا ہٹکا دیکے اوسکی تلوار چھین لیوے۔

ایضاً جب حریف طمانچہ مارے تو یہہ اوسکی بائین طرف پیترہ سے آکے اپنا داہنا پاؤن اوسکے داہنے پاؤن کے پنجہ پر رکہکے اپنی لکڑی سے اوسکی داہنے ہاتہہ کی کلائی روک کر اپنی لکڑی کو اوسکے کلائی پر سے بغل کے نیچے لیجاکر سرا لکڑی کا اوسکی بائین بغل مین پہنساکر دوسرا سرا اوسکے داہنے پاؤن کی پنڈلی مین پہنسا دیوے۔




دوسرا انداز پیچ کی تصویر

تیسری فصل یکدستی پٹہ دو دستی پٹہ و سیف و سپر کے ذکر مین ۔ جنکے حربونکے نام یہہ ہین ۔ سیدہا کاٹ ۔ اسکی گردش مثل طمانچہ کے ہے ۔ اور ضرب اسکی سر سے پاؤن تک پڑتی ہے ۔ اولٹا کاٹ مثل باہرہ جنیوے کے پڑتے ہین ۔ کہڑا کاٹ مانند سر کے ہے ۔ لنگوٹ مانند اولے سر کے مارے ۔ انی ہاتہہ کو کمر کے برابر لاکر مارے یکدستی پٹہ کی مشق اور پیترے اور سلامون اور روشونکے قاعدے ۔

پہلا قاعدہ پٹہ باز کو چاہیے کہ تعلیم مین پٹہ رکہکر داہنا پاؤن تہوڑا آگے بڑہاے اور بایان پاؤن پیچہے رکہے تن کر دونون ہاتہہ اوٹہا کر فاتحہ پڑہے ۔ اور ثواب حضرت سرور کائنات صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کی روح مطہر پر بخشکر تین قدم پیزہ کر کے قریب پٹہ کے آوے اور اپنے اوستاد یا رئیس سے اجازت حاصل کر کے پٹہ اوٹہاوے اور تین قدم بڑہ کر یا گہٹ کر دونون پاؤن برابر رکہکر چارون طرف دیکہکے پٹہ کی انی ٹیک کے کہڑا ہووے پہر داہنا ہاتہہ اور داہنا پاؤن ایک سات آگے بڑہاے اسطرح کہ داہنے پاؤن مین خم ہو اور پٹہ کا ہاتہہ سیدہا اور بایان پاؤن پیچہے رکہکر داہنا پاؤن اوٹہا اوٹہا کر تین قدم بڑہ جاوے پہر بایان پاؤن داہنے پاؤن کے آگے رکہکر تین قدم اوسیطرح گہٹ آوے اور تین ہاتہہ لنگوٹ کے مار کر ہاتہہ کو پلٹ کر چت کر کے انی مارے اور گرہ کر کے سلام لیوے ۔

پہلے قاعدہ کی تصویر



دوسرا سلام داہنا پاؤن اور داہنا ہاتہہ آگے بڑہا کر ٹہاٹہہ پر کہڑا ہووے پہر بایان پاؤن اوٹہا کر بائین طرف رکھے اور داہنا پاؤن اوسکے آگے پہر بائین پاؤن کو آگے کر کے ہاتہہ کو کہینچ لیوے پہر داہنا پاؤن اوٹہا کر داہنے طرف اور بایان پاؤن اوسکے آگے پہر داہنا پاؤن اوسکے آگے رکھے ہاتہہ کو تان لیوے اسیطرح جہان تک منظور ہو پیترے کرتا چلا جاوے اگر داہنا پاؤن آگے ہے تو ہاتہہ لانبا رکھے اور جو بایان پاؤن آگے ہے تو ہاتہہ شانہ کے برابر کہنچا رکھے اور تکان دے اور پلٹا کر کے اوسی قاعدے سے پیترے کرتا ہوا پیچھے گہٹتا چلا آوے پہر پلٹا کر کے سامنہ ہو کر تین ہاتہہ لنگوٹ کے مار کر اور انی اور گرہ کر کے سلام لیوے۔


تیسرا سلام ٹہاٹہہ پر کہڑا ہو کر داہنا پاؤن اور داہنا ہاتہہ اونچا کر کے پاؤن کو آگے

رکھے اور داہنا ہتھ تان دیوے پھر بایان پاؤن اوسکے آگے رکھے اور داہنا ہتھ کو شانہ کے برابر کھینچ لیوے اور تکان دیوے اسیطرح بڑھتا جاوے اور گھٹتا چلا آوے اور تین ہانہہ مار کر سلام لیوے۔

چوتھا سلام ٹہانہہ پر کھڑا ہو کر دونوں پاؤن برابر رکھکر ہانہہ کو دونوں شانہ کے آگے رکھے اور داہنا پاؤن بڑھا کر بائین طرف لاوے پھر بایان پاؤن بڑھا کے داہنی طرف لاوے اسیطرح چاروں طرف مثل حلقہ کے چلے اور تین ہانہہ لنگوٹ کے مار کر سلام لیوے۔

پانچوان سلام ٹہانہہ پر ہو کے داہنا پاؤن دوبار اونچا کر کے بڑھاوے اور بایان پاؤن پیچھے اوسکی مدد کو بڑھتا رہے اور پھر ہاتھہ کو کھینچکر بایان پاؤن دوبار اونچا کر کے بڑھاوے اور داہنا پاؤن پیچھے اوسکی مدد کو بڑھتا رہے اسیطرح جہانتک چاہے بڑھتا جاوے اور پھر اوسیطرح گھٹ کر تین ہانہہ مار کر سلام لیوے۔

پانچوین سلام کی تصویر



چھٹا سلام ٹھاٹہہ پر کہڑا ہو کر داہنا پاؤن بڑہا کر اندر کے چکر سے سیدہا کاٹ مارے پہر بائین گردش سے ہاتہہ اور پاؤن کو پیچھے لاکر پلٹ کر اوسی چکر سے کاٹ مارے پہر تین ہاتہہ لنگوٹ کے اور انی اور گرہ کر کے سلام لیوے۔

ساتوان سلام ٹہاٹہہ پر کہڑا ہو کر سیدہا کاٹ مار کر چکر کہا کے داہنا پاؤن آگے اور بٹکا ہاتہہ بائین گند ہے پر لا کے اولٹا کاٹ مارتا ہوا بایان پاؤن روبرو لاوے اور پہر سیدہا کاٹ مار کر چکر کہا کے اوسیطرح سے چارون طرف مانند حلقہ کے کرے اور تین ہاتہہ مار کر سلام لیوے۔

سلام اور پیترون کے قاعدے بیشمار ہین بسبب طول کے مختصر بیان کر کے روشوں کا بیان کیا جاتا ہے

پہلی روش ٹہاٹہہ پر کہڑا ہو کر داہنے ہاتہہ کو بائین کندہے سے اونچا کر کے اولٹا کاٹ مارتا ہوا چہرہ کے گرد پہرا کر پہر بائین مونڈہے پر لاوے اور پہر اوسیطرح کرے مگر داہنے اور بائین پاؤن سے تہوڑا تہوڑا بڑہتا چلا جاوے اور جب گہٹنا منظور ہو تو اسی قاعدے سے تہوڑا تہوڑا کہسٹتا آوے۔

دوسری روش ٹہاٹہہ پر کہڑا ہو کر داہنا ہاتہہ معہ پٹہ ثانہ سے اونچا کر کے لنگوٹ کا ہاتہہ بتا کر بائین پاؤن کو آگے بڑہا کے اور داہنے پاؤن کیطرف پلٹ کر داہنے پاؤن کا پنجہ روبرو کر کے کہڑا کاٹ مارے پہر داہنا ہاتہہ اور داہنا پاؤن آگے کر کے انی مارے اور اندر کا چکر دیکر کاٹ مارے پہر وہی ہاتہہ چل کر بڑہتا چلا جاوے اور جب گہٹنے تو لنگوٹ کا ہاتہہ بتا کر داہنا پاؤن پیچھے لاوے اور پلٹ کر کہڑا کاٹ مارے اور انی مارتے وقت بایان پاؤن پیچھے اور داہنا پاؤن آگے رہتا ہے اسیطرح کرتا اور پاؤن گہٹتا بڑہتا چلا جاوے اس کو چارون

طرف کرتے ہین

تیسری روش ٹہاٹہہ پر کہڑا ہو کر داہنا ہاتہہ معہ پٹہ بائین شانہ پر لا کر اولٹا کاٹ مارتا ہوا بایان پاؤن آگے بڑہا کر داہنے پاؤن کی طرف پلٹ کر انی مارے پہر داہنا ہاتہہ اور داہنا پاؤن بائین پاؤن کے آگے لا کر اور اندر کا چکر دیکر سیدہا کاٹ مارے اور جسطرح پیشتر کیا تہا کرے اور بڑہتا جاوے اور جب واپس آنا ہو تو اولٹی کاٹ کے ساتھہ داہنا پاؤن پیچھے لاوے اور بائین پاؤن کو گہٹا کر داہنے پاؤن پر انی مار کر اندر کا چکر دیکر کاٹ مارے اوسیطرح گہٹتا آوے۔

چوتھی روش ٹہاٹہہ پر کہڑا ہو کر ہاتہہ کو بائین شانہ سے اولٹا کاٹ مار کر ہاتہہ کو کہینچ کر انی مار کر سیدہا کاٹ مار کر ہاتہہ کو بائین گردش دیکر بائین پاؤن کو آگے بڑہا دیوے اور داہنے پاؤن کی طرف رخ کر کے انی اور کاٹ مارے پہر داہنا پاؤن بڑہا کر آگے لاوے اور انی مار کر پہر شروع کرے اور اسی طرح سے کرتا اور بڑہتا چلا جاوے اور گہٹنے کا طریقہ وہی ہے اور اسے چاروں طرف کرتے ہین۔

پانچوین روش ٹہاٹہہ پر کہڑا ہو کر ہاتہہ کو اندر لا کر باہرہ کا ہاتہہ بتاتا ہوا داہنے طرف لاوے اور ہاتہہ کو سر کا چکر دیکر بائین مونڈہے پر لاوے پہر شروع مین جو ہاتہہ چلاتا کرے اور پنیرہ کا طریقہ یہہ ہے کہ اندر کو ہاتہہ لاوے تو ساتہی داہنا پاؤن بائین طرف لاوے اور جب باہرہ مار کر ہاتہہ کو داہنی جانب لاوے تو ساتہی بایان پاؤن بڑہا دیوے اور جب ہاتہہ کو داہنی گردش دیکر بائین مونڈہے پر لاوے تو داہنا پاؤن آگے بڑہاوے اسیطرح بڑہتا جاوے اور گہٹتا آوے

اسکو چارون طرف کرتے ہین۔

چھٹی روش داہنا پاؤن آگے کرکے سیدھا کاٹ مارے اور سیدھے چاکی کرکے تمام جسم کو پھیر کر بہنے پاؤن پر آوے اور کاٹ مارے پھر چکر کہاکے اسیطرح داہنی طرف آوے اور کاٹ مارے اسیطرح سے جہان تک چاہے گھومتا اور مارتا چلا جاوے اور جب واپس ہونا ہو تو اولٹا کاٹ مار کر پھر سے پھر بائین پاؤن کو بڑہاکر اولٹا کاٹ مارے۔

ساتوین روش لمبیٹ ٹھاٹہہ پر کہڑا ہوکر سیدھا کاٹ مار کر سیدھی چاکی سے چکر کہاکے بائین پاؤن پر آوے اور داہنے ہاتہہ کو اونچا کردے پھر اولٹا کاٹ مار کر اولٹی چاکی سے چکر کہاکے داہنے پاؤن پر آوے اور ہاتہہ اونچا کردیوے اسیطرح چارون طرف کرے۔

آٹہوین روش چتیالیک ٹھاٹہہ پر کہڑا ہوکر داہنا پاؤن بڑہاکر سیدھا کاٹ مار کر بائین طرف چکر کہاکے ہاتہہ کو سر پر سے پھرا کے بائین پاؤن آگے اور داہنا پاؤن پر ہوکے اندر کا لنگوٹ کا ہاتہہ پھیر کے پاؤن کی طرف کہڑا کاٹ مارے اور داہنے پاؤن کی طرف بلیٹ کر سیدھا کاٹ مارے اور پھر چکر کہاکے وہی کرے جو اوّل کیا تہا اسی طرح سے چارون طرف چکر کہاکے آوے اور کرتا رہے اور یہہ روش اوڑ کر خوب ہوتی ہے۔

نوین روش شیر ڈپٹ ٹھاٹہہ پر کہڑا ہوکے اندر کا کاٹ بتاتا ہوا اور پلٹے کا ہاتہہ دیکہاتا ہوا سامنے ہاتہہ کو اونچا کرکے داہنی طرف بلیٹ کر سیدھا کاٹ مارے اور داہنا پاؤن آگے بڑہاکے انی مار کے سیدھا کاٹ مارے

اسیطرح سے بڑہتا اور گہٹتا چارون طرف کرے۔

دسوین روش ماہی تڑپ ٹہاٹہہ پر کہڑا ہو کر داہنے ہاتہہ کا داہنا جنیوا مارتا ہوا بائین شانہ پر لیجاوے پہر اولٹا جنیوا مارتا ہوا داہنے شانہ پر لاوے اور اندر کے چکر سے سیدہا کاٹ مار کر بائین ٹیک داہنی ٹیک دیکر پہر سیدہا کاٹ مارے اور ہاتہہ اور پاؤن کو بائین گردش سے پیچہے لاوے اور پلٹ کر وہی ہاتہہ مارے اسیطرح چارون طرف کرے۔

گیارہوین روش بارہ ہاتہہ کی لڑائی ٹہاٹہہ پر کہڑا ہو کر اپنی اور لنگوٹ اور اندر کے چکر سے سیدہا کاٹ مار کے چکر کہا کے یعنی داہنے پاؤن کو ہاتہہ کے ساتہہ بائین پاؤ کے آگے لاوے اور بائین پاؤن کو اوٹہا کر اوسکے آگے لاوے اور پلٹ کے داہنے پاؤن کو روبرو کر کے اپنی اور لنگوٹ اور اندر کا چکر دیکر سیدہا کاٹ مارے اسیطرح چارون طرف کرے۔

بارہوین روش بی نظیر ٹہاٹہہ پر کہڑا ہو کر سیدہا کاٹ اولٹا کاٹ مارنے کے ساتہی پاکہرے ہو کر بائین پاؤن کی طرف کہڑا کاٹ مار کے لنگوٹ کا ہاتہہ مار کر پالٹ کا ہاتہہ نکال کر ساتہی بایان پاؤن بڑہا دیوے اور کہڑا کاٹ مارے اور داہنے پاؤن کی طرف پلٹ کے سیدہا کاٹ مارے اسیطرح چارون طرف کرے۔

تیرہوین روش ٹہاٹہہ پر کہڑا ہو کر سیدہا کاٹ اندر کے چکر سے اور باہر کے چکر سے سیدہا کاٹ مار کر بائین گردش سے داہنا ہاتہہ و پاؤن

پیچھے لاکر پلٹ کر پھر وہی ہاتھہ مارے جسطرف داہنا پاؤن ہو سیدھا کاٹ مارے اسی طرح بڑھتا چلا جائے۔


چودھوین روش ٹہاٹہہ پر کھڑا ہو کر اولٹے جنیوے کے ساتھی بائین پاؤن کو آگے لاوے اور داہنی طرف انی اور بائین طرف انی مارے پھر اوسی طرح اولٹا جنیوا کر کے بائین پاؤن کو آگے لاکے داہنے بائین جانب انیا مارے اسیطرح چارون طرف کرے۔

پندرھوین روش ٹہاٹہہ پر کھڑا ہو کے اندر کا لنگوٹ بنا کے اور ہاتہہ کو سر کی گردش دیکے اندر کے چکر سے سیدھا کاٹ مارے اور داہنے ہاتہہ اور پاؤن کو بائین گردش سے آگے لاوے اور پلٹ کر وہی چلے اسیطرح بڑھتا چلا جائے اور گھٹنے کا بھی یہی طریقہ ہے اور جب چارون طرف کرنا ہو تو بائین پاؤن کو چارون طرف بائین گردش سے رکھتا جاوے اور داہنے پاؤن پلٹ کے ہاتہہ مارتا رہے۔

طریقہ کاٹنے اور ٹہاٹہہ کا۔ ٹہاٹہہ پر کھڑا ہو کر شیر زد کرکے فوراً گھٹنو کو ٹیک کر سیدھے کاٹ سے اور اولٹے کاٹ سے اور باہر سے اشیاؤن کو کاٹتے ہین انداز کاٹنے کوڑی وغیرہ کے یہہ ہین۔ پہلا انداز پٹ کوڑی۔ دوسرا انداز چت۔ تیسرا بیڑی۔ چوتھا کہڑلی۔ پانچوان پیلی کوڑی کے ٹکڑے کرنا جسقدر جو صاحب فرمائش کرین اسیقدر ہونگے ساتوان آگے پیچھے تہوڑے فاصلہ سے ۲ کوڑیان رکہکر کاٹنا جسکی فرمائش کرین وہی کٹینگی اور دوسرے اوسی جگہہ رہی گی۔ چھوٹی کوڑی کے

دانت کاٹنا شمار سے جسقدر جو صاحب فرمائش کریں۔ نواں تھوڑے تھوڑے
فاصلہ سے کوڑیاں تین رکھکر۔ دسواں پانچ ۔۔۔ کوڑیاں۔ گیارھواں چار کوڑیاں رکھکر
روش سے کاٹے بارھواں تھوڑے تھوڑے فاصلہ سے دس بیس کوڑان
دور تک ..... رکھوا دینا روش بجلی کرتے جانا اور کاٹتا چلا جاوے
تیرھواں کوڑی لکڑی پر رکھکر کاٹنا۔ چودھواں مٹی کے برتن کے نیچے رکھکر کاٹنا۔
پندرھواں پاؤں کے نیچے رکھکر۔ سولھواں کوڑی رومال مین باندھ کر کاٹے مگر
ایسا سبک ہاتھ مارے کہ رومال نہ کٹے۔ سترھواں ہاتھ پر رکھکر کاٹے۔
اٹھارھواں لیمو و آلو وارد کوڑی رومال مین باندھ کر جس چیز کی فرمائش کریں
وہی کٹ جاویگی دوسری چیز مسلم رہیگی۔ انیسواں لیمو مین ڈورہ ڈال کر کاٹ
مگر ڈورہ نہ کٹنے پاوے۔ بیسواں سر پر رکھکر کاٹے۔ اکیسواں بیضہ
نصف تراشنا۔ شمع یا نلی گاؤ خواہ شتر کی زمین پر رکھکر نصف برابر تراشنا۔
چوبیسواں گھچی کاٹنا۔ پچیسواں مور کا جھاڑ بہت صفائی سے کاٹنا۔ علاوہ اسکے
بہت سے اشیاء کو بغیت سے کاٹنے مین بسبب طول کے مختصر تحریر کیا۔


تصویر نشست کاٹ



دو دستی پٹہ کا پہلا سلام دونون پٹہ زمین پر رکھکے فاتحہ پڑہکر ثواب حضرت رسولِ خدا صلی اللہ علیہ وسلم کی ارواح مبارک کو بخشکر تین قدم پیرہ کرکے قریب پٹونکے پہونچکر اجازت لیکے دونون ہاتھون مین پٹہ چڑہا کر انیان زمین پر ٹیک کے دونون پاؤن برابر کرکے تن کر کہڑا ہو اور داہنے پاؤن کو آگے بڑہا کر داہنا ہاتھہ تان دیوے اور بائین ہاتھہ کو کینچ کر شانہ کے برابر رکھے پہر بائین پاؤن کو آگے بڑہا کر بائین ہاتھہ کو تان دے اور داہنا ہاتھہ کینچ لیوے اسیطرح تین قدم آگے بڑہے اور تین قدم گہسٹ آوے پہر تین ہاتھہ لنگوٹ کے دونون ہاتون سے ایک ساتھہ

مار کر ہاتھ کو چت کر کے کھینچ کر انیان مارے اور کرہ کر کے سلام لیوے۔

پہلے سلام کی تصویر



دوسرا سلام ٹہاٹہہ پر کھڑا ہو کے داہنا ہاتھ اور داہنا پاؤن آگے بڑہاے اور بایان ہاتھ معہ پٹہ اپنی پشت پر رکھکے بایان پاؤن اپنی بائین طرف بڑہا کے رکھے اور ہاتھ کو تان دیوے پھر داہنا پاؤن اوسکے آگے پہر بایان پاؤن اوسکے رکھکے بائین ہاتھ کو تان دیوے اور داہنے ہاتھ کو شانہ کے برابر کھینچ لیوے پہر اپنا داہنا پاؤن داہنے طرف بڑہا کے اور بایان اوسکے آگے پہر داہنا پاؤن اوسکے آگے رکھکے داہنا ہاتھ تان دیوے اور بایان ہاتھ شانہ کے برابر کھینچ لیوے اسیطرح سے پاؤن کو گہٹاتا ہوا اوسی مقام پر آکر پاکہرہ ہو کر تین ہاتھ لنگوٹ کے مارے اور اوسی طرح انیان مار کر کرہ کر کے سلام لیوے۔

تیسرا سلام ٹہاٹہہ پر کہڑا ہوکے داہنا ہاتہہ اور داہنا پاؤن ایک ساتہہ اوٹہاکے آگے رکہے اور بایان پاؤن اپنی پشت پیچہے کہکے پہر بائین ہاتہہ اور بائین پاؤن کو آگے بٹہاوے اور داہنے ہاتہہ کو پشت پر لاوے پہر داہنے ہاتہہ اور داہنے پاؤ کو آگے بڑہاوے اور بائین ہاتہہ کو کہینچ کے پشت پر لاوے پہر بائین ہاتہہ اور بائین پاؤن کو آگے لاوے اور داہنے ہاتہہ کو کہینچ لیوے اور پلٹ کر کہڑا کاٹ دونون ہاتہون سے ایک ساتہہ مارے اور پہر پلٹا کر کے اوسیطرح سے مارے مگر داہنا پاؤن وہاتہہ کہچا رہے اور بایان پاؤن اور ہاتہہ آگے پہر چت کر کے اپنی مار کر گرہ کر کے سلام لیوے۔

چوتہا سلام ٹہاٹہہ پر کہڑا ہوکر دونون ہاتہون مین پٹہہ چڑہا کر کہڑا ہو اور الفی چال کرتا ہوا تین قدم آگے بڑہے اور راوی چال سے تین قدم گہسٹ آوے پہر تین ہاتہہ بڑہتا ہوا لنگوٹ کے مار کر داہنا پاؤن گہٹا کر اور بایان پاؤن آگے کر کے دونون ہاتون کو کمر کے برابر کہینچ لاوے اور داہنا پاؤن بڑہا کر انیان مار کر گرہ کر کے سلام لیوے۔

پانچوان سلام ٹہاٹہہ پر ہو کر دونون ہاتہون مین پٹہہ چڑہا کر انیان ٹیک کر کہڑا ہو اور داہنا پاؤن آگے بڑہا کر رکہے اور داہنا ہاتہہ معہ پٹہ اپنے بائین شانہ پر رکہے بایان ہاتہہ معہ پٹہ اپنی پشت پر کہہ کے شروع کرے کہ داہنا پاؤن بائین جانب دوبار آگے بڑہاوے اور بائین پاؤن سے ٹہیکی دے پہر بایان پاؤن داہنی طرف بڑہا دیوے اور داہنے پاؤن سے ٹہیکی دے جب داہنا پاؤن بڑہے گا تو داہنا ہاتہہ شانہ کے نیچے رہیگا اور جب بائین پاؤن

سے ٹیکی دیکے اور پاؤن داہنی طرف لاویگا تو داہنے ہاتھہ سے اولٹا کاٹ
بتاتا ہوا پشت پر لاوے اور بائین ہاتھہ کو شانہ کے نیچے لاوے اور
جب داہنے پاؤن سے ٹیکی دیکے اور پاؤن کو بائین طرف لاویگا تو بائین
ہاتھہ سے اولٹا کاٹ بتاتا ہوا پشت پر لاوے اسیطرح حلقہ باندہ کے درمیان
مین ٹہاٹہہ پر ہو کر تین ہاتھہ لنگوٹ کے مار کر اور رانی اور گرہ کر کے سلام لیوے

پہلی رفتار ٹہاٹہہ پر ہو کر داہنے ہاتھہ کو بائین مونڈہے سے اولٹا کاٹ بتاتا
ہوا داہنی جانب لاوے اور ساتہی داہنے پاؤن کو تہوڑا آگے بڑہا کر اور تمام جسم
کا رخ داہنی طرف کرے اور بائین ہاتھہ کو داہنے مونڈہے کی پشت پر سے
بائین گردش سے بائین مونڈہے پر لاکے ساتہی بائین پاؤن کو تہوڑا آگے بڑہا
کے پنجہ اور تمام جسم کا رخ بائین طرف کرے پہر داہنا ہاتھہ بائین مونڈہے کی پشت
سے اور بایان ہاتھہ داہنے مونڈہے پر اولٹا کاٹ بتاتا ہوا جسقدر چاہے بڑہ جاوے
اور اسی قاعدے سے گہٹ آوے۔

دوسری رفتار ٹہاٹہہ پر کہڑا ہو کر داہنا ہاتھہ اور داہنا پاؤن آگے کر کے
بڑہاوے اور اندر کے چکر سے سیدہا کاٹ مار کر ہاتھہ کو داہنی گردش سے
پشت پر لاوے پہر بایان ہاتھہ اور پاؤن آگے بڑہاوے اور اندر کے چکر
سے سیدہا کاٹ مار کر ہاتھہ کو بائین گردش سے ہاتھہ پشت پر لاوے پہر
داہنے ہاتھہ سے اوسیطرح سے کرے اور پہر بائین ہاتھہ سے کرے اور بڑہتا
چلا جاوے اگر گہٹنا ہو تو کردش کے ساتہی آگے کے پاؤن کو گہٹا لیوے
اسیطرح ایک کے بعد دوسرا گہٹاتا چلا جاوے۔

تیسری رفتار ٹہاٹہہ پر کھڑا ہو کر دونون ہاتون مین پٹہ لیکر بائین پاؤن کو بڑہا کے داہنے ہاتہہ سے لنگوٹ کا ہاتہہ مار کر پیچھے پلٹ کر داہنے پاؤن کے پنجہ کو سیدہا رکہکر کہڑا کاٹ مارے پہر داہنا پاؤن اور ہاتہہ سمیت بڑہا کر انی مار کے اندر کے چکر سے داہنا کاٹ مار کر ہاتہہ کو گردش سے پشت پر لاوے اور داہنا پاؤن کو بڑہا کر بائین ہاتہہ سے لنگوٹ کا ہاتہہ مار کر پیچھے پلٹ کر بائین پاؤن کا پنجہ سیدہ کر کے کہڑا کاٹ مارے پہر بایان پاؤن ہاتہہ سمیت آگے بڑہا کے انی مار کے اندر کے چکر سے سیدہا کاٹ مارے اور ہاتہہ کو گردش سے پشت پر لاوے اسی قاعدے سے بڑہتا اور ہاتہہ مارتا چلا جاوے اور جب گہٹنا ہو تو لنگوٹ کے ہاتہہ کے ساتہی پاؤن پیچھے لیجاوے اور جب انی مارے تو اگلے پاؤن کو پیچھے لاکر مارے اسیطرح سے گہٹتا اور بڑہتا رہے۔

چوتہی رفتار دونون ہاتون مین پٹہ چڑہا کر ٹہاٹہہ پر کہڑا ہو کر داہنا پاؤن آگے بڑہا کر اوٹا کاٹ مار کر ہاتہہ کو کمر کے برابر کہینچ کر انی مار کر اندر کا چکر دیکر داہنا کاٹ مارے اور بائین گردش سے ہاتہہ کو پشت پر لاکر بایان پاؤن آگے بڑہا کر اوٹا کاٹ مار کر انی مارے اور اندر کا چکر دیکر داہنا کاٹ مارے اور داہنی گردش سے ہاتہہ کو پشت پر لاکر اور داہنا پاؤن آگے بڑہا کر یہی ضربین مارے اسیطرح سے بڑہتا جاوے اور گہٹنی کا وہی قاعدہ ہے۔

پانچوین رفتار دونون ہاتون مین پٹہ چڑہا کر داہنا پاؤن آگے اور بایان پاؤن پیچھے رکہکر اور پلٹہ کر کے ہاتہہ مارنیکے ساتہی بایان پاؤن آگے بڑہا کر کہڑا ہاتہہ مارے اور داہنے پاؤن کی طرف پلٹ کر سیدہا کاٹ مار کر داہنا پاؤن بائین

پاؤن کے آگے لاکر سیدھا کاٹ مارے اور بائین کردش سے ہاتھہ کو اپنی
پشت پر لیجاوے پھر بائین ہاتھہ سے پلٹے کا ہاتھہ مارے اور داہنے پاؤن کو
آگے لاوے اور کہڑا کاٹ بتاکے اور پیچھے پلٹ کے سیدھا کاٹ
مارے اور بائین پاؤن کو آگے بڑہاوے اور ہاتھہ مارے اور کردش سے
ہاتھہ کو پشت لیجاوے اسیطرح کرتا رہے۔

چھٹی رفتار دونو ہاتھون مین پٹہ چڑہاکر داہنا پاؤن آگے بڑہاکر ایک ساتھہ
سیدہی باڑہ بتاتا ہوا ہاتھونکو الم کرکے پھر ایک ساتھہ جھکائے دیکر دونون طرف سیدھا
کاٹ مارے اور بائین طرف پلٹ کے داہنا پاؤن آگے اور بایان پیچھے کرکے
ایک ساتھہ سیدہے باڑہ بتاتا ہوا ہاتھون کو بلند کرکے گردش سے دونون طرف کاٹ
مارے اسیطرح سے بڑہتا جاوے اور گہٹتا آوے۔

ساتوین رفتار دونون ہاتھون مین پٹہ چڑہاکے داہنا پاؤن آگے بڑہاکر
ایک ساتھہ سیدہی باڑہ بتاتا ہوا ہاتھون کو بلند کرکے پھر ایک ساتھہ گردش
دیکر دونون طرف سیدھا کاٹ مارے پھر بائین طرف سے پشت کی طرف
جاکر داہنی ضربین مارے پھر داہنے پاؤن کو داہنی طرف اوٹھاکر یہی ضربین
مارے پھر داہنے پاؤن کو بائین طرف لاکر وہی ضربین مارے اسیطرح چاروں
طرف کرے۔

آٹھوین رفتار دونون ہاتھون مین پٹہ چڑہاکے پاکہرہو کر ہاتھون کو بائین
شانہ پر سے اوٹھاکر سیدھا ایک ساتھہ مارتا ہوا بائین پاؤن کو آگے
لاوے اور داہنے پاؤن کی طرف انیان ایک ساتھہ مار کر دونون ہاتھون سے

اندر کا چکر دیکر سیدہی کاٹ مارے پہر داہنے پاؤن کو آگے لاکر ہاتہوں کو
شانہ پر سے اٹک سا تہہ لاکر اولٹا اور سیدہا کاٹ مارے اسیطرح
پاؤن گہٹاتا اور بڑہاتا اور ضربین مارتا چلا جاوے اور اس کو چارون
طرف ہی کرتے ہین۔

بیسوین رفتار دونون ہاتہون مین پٹہ چڑہا کر ٹہاٹہہ پر داہنا پاؤن بڑہا کر کہڑا ہووے
اور داہنے ہاتہہ سے سیدہا کاٹ مار کر بائین ٹیک داہنی ٹیک دیکر اندر
کے چکر سے سیدہا کاٹ مارے اور ہاتہہ کو بائین گردش سے پشت
پر لاوے مگر گردش کے ساتہہ بایان ہاتہہ اور پاؤن بڑہا کر داہنا کاٹ
مار کر بائین اور داہنے ٹیک دیکر اندر کے چکر سے کاٹ مار کے بائین
گردش سے ہاتہہ کو پشت پر لاوے پہر داہنا پاؤن آگے بڑہا کے
وہی ضربین مارے جسطرح پہلے کیا تہا اور بڑہتا جاوے اور گہٹتا اوسے
اسکو چارون طرف ہی کرتے ہین۔

دسوین رفتار دونون ہاتہون مین پٹہ چڑہا کر پاکہرہ ہو کر لنگوٹ کا ہاتہہ دو
بار مار کر داہنے ہاتہہ کو سر پر سے پہرا کر سیدہا کاٹ مارے اور بائین
گردش سے ہاتہہ کو پشت پر لاوے پہر بایان پاؤن آگے بڑہا کر پاکہرہ
ہو کر لنگوٹ کا ہاتہہ دوبار مار کر بائین ہاتہہ کو سر کے گرد چکر دیکر داہنا کاٹ مارے
اور بائین گردش سے ہاتہہ پشت پر لاوے پہر داہنا پاؤن آگے بڑہا دیوے
اور وہی ضربین مارے مگر لنگوٹ کے ہر ہاتہہ کے ساتہہ اگلا پاؤن بڑہاتا جاوے
اور پچہلی پاؤن سے ٹہیکی دیتے ہین اور اوسیطرح سے بڑہتا جاوے اور

گھٹتا آوے اور اس رفتار کو مثل حلقہ کے ہی کرتے ہین۔

گیارہین رفتار دونون ہاتھون مین پٹہ پکڑ ہاکے ٹہاٹہہ پر ہوکے داہنا پاؤن آگے بڑہاکر سیدہا کاٹ مار کر جب اولٹا کاٹ مارے تو بایان پاؤن بڑہاکر چکر کہاکے داہنے پاؤن پر آگے ہاتہہ کو پشت پر گردش سے لیجاوے اور بایان پاؤن بڑہاکر سیدہا کاٹ مار کر جب اولٹا کاٹ مارے تو داہنے پاؤن پر چکر کہاکے بائین پاؤن پر آکر بائین ہاتہہ کو گردش سے پشت پر لیجاوے اسیطرح سے ضربین مارتا اور بڑہتا جاوے اور گہٹتا آوے اور یہہ رفتار مثل حلقہ کے طور سے خوب ہوتی ہے۔


سیف وسپر کا ذکر

سیف وسپر کو رکہکر فاتحہ پڑہے اور ثواب حضرت رسالت پناہ علیہ الصلوٰۃ والسلام کی ارواح مطہر کو بخشکر اجازت حاصل کرکے داہنے ہاتہہ سے سیف اور بائین ہاتہہ سے سپر اوٹہاکے روبرو تاکر داہنا پاؤن آگے اور بایان پاؤن پیچہے رکہکر اور سیف وسپر کو مقابل کرکے ٹہاٹہہ سے کہڑا ہو اور چار جانب نگاہ کرکے بایان پاؤن آگے بڑہاکے ساتہی سپر کو اونچا کرکے اور سیف کا ہاتہہ شانہ کی برابر کہینچ لاوے پہر داہنا پاؤن بڑہاوے اور سیف سے باڑہ بتاتا ہوا الم کرے اور سپر کا ہاتہہ بائین طرف لاوے اسیطرح سے تین قدم یا زیادہ بڑہ جاوے اور اوسیطرح لہٹ آوے اور تین ہاتہہ پاکہرہ ہوکے ایک ساتہہ لنگوٹ کے مار کر داہنے پاؤن کو

پیچھے لاکر پہر بڑھا کے اور انی مار کے گرہ کر کے سلام لیوے۔

پہلے سلام کی تصویر

ٹھاٹہہ



دوسرا سلام داہنا پاؤن معہ ہاتہہ آگے بڑہا کر اور بایاں پاؤن پیچھے اور سپر کا ہاتہہ بائیں طرف برابر اسی طرح سے ٹھاٹہہ پر کہڑا ہو پہر بایاں پاؤن آگے رکہکے سپر کے ہاتہہ کو سامنے لاتا کر دیوے اور سیف کے ہاتہہ کو شانہ پر کہینچ کے انی مار کے روبرو رکہے اور اسی ٹھاٹہہ سے بڑہتا ہوا چلا جاوے اور جب گہٹنے تو داہنا پاؤن پیچھے بڑہاوے اور اوسیطرح گہسٹ آوے اور پاکہرہ ہو کے تین ہاتہہ لنگوٹ سے مار کر اور انی اور گرہ کر کے سلام لیوے۔

تیسرا سلام داہنا پاؤن آگے اور بایاں پاؤن پیچھے رکہ کے ٹھاٹہہ پر کہڑا

ہوا اور بایئن پاؤن کو معہ سپر بایئن طرف رخ کرکے سیف کو کھینچ کر شانہ کے
برابر ادسی ٹہاٹہہ سے بایئن پاؤن کو اونچا کرکے داہنے پاؤن کے روبرو
لاوے اور تہپکی دیکر تہوڑا بڑہ جاوے پہر داہنا پاؤن اونچا کرکے بایئن
پاؤن کو آگے لاوے اور تہپکی دیکے تہوڑا بڑہ جاوے اسیطرح حلقہ
کے مانند کرے اور درمیان مین پلٹا کرکے تین ہانہہ مار کر سلام لیوے

چوتہا سلام ٹہاٹہہ پر چست وچالاک ہوکر پاکہرہ ہوکے سیف سے
لنگوٹ کا ہاتہہ مارینگے ساتہی سپر کو سر کی گردش دیکر سامنی لاوے
اور اوسی طرح سے تین قدم بڑہ کے انی مارے انی مار کے اور گرہ
کرکے سلام لیوے مگر سپر کا ہاتہہ ہر ضرب مین گردش سے پہرتا رہے۔

پہلا حملہ صف شکن ٹہاٹہہ سے کہڑا ہوا اور داہنا پاؤن آگے اور
اور بایان پاؤن پیچہے رکہکے سیف اور سپر سر پر سے پہرا کے سیدہا
کاٹ مارتا ہوا بایئن طرف لاوے اور سپر کا ہاتہہ روبرو رکہے پہر اوسکا کاٹ
مارتا ہوا ہاتہہ کو گردش سے باڑہ بتاتا ہوا سامنے لاوے اور
سپر کا ہاتہہ اور بایان پاؤن آگے بڑہا دیوے پہر داہنا پاؤن آگے
بڑہا کے وہی ضرب مارے اور جب گہٹے تو گردش کے ساتہہ
بایان پاؤن گہٹا دیوے اور داہنے پاؤن کو روبرو رکہے اور ضرب
مارے اور اسکو چارون طرف کرے۔

دوسرا حملہ فتح میدان ٹہاٹہہ پر کہڑا ہوکے اور اکوا ہے ہوکے
سیف اور سپر سے لنگوٹ کا ہاتہہ مار کر اور داہنی گردش سے

کاٹ مارے کے سیف کو بائین طرف لاوے اور سپر کو سامنے رکھے
پہر اوٹا کاٹ مار کر چکر دیکر ہاتہہ مقابل لاوے اور چکر کے ساتہہ بایاں
پاؤن اور سپر آگے بڑہا دیوے پہر داہنا پاؤن آگے بڑہا کر اسیطرح
سے کرے اور اسکو چارون طرف ہی کرے۔

تیسرا حملہ دشمن فرار ہاتہہ پر کہڑا ہو کے سیدہا کاٹ اوٹا
کاٹ مار کر اندر کا چکر دیکر سیدہا کاٹ مارے ہاتہہ کو بائین گردش سے
سامنے لاوے اور سپر کو سر پر سے پہرا کے آگے لا نیکے
ساتہہ بایان پاؤن آگے بڑہا دیوے پہر داہنا پاؤن آگے بڑہا کے ہی
ضربین مارے اور بڑہتا جاوے اور جب گہٹنے تو گردش کے
ساتہہ بایان پاؤن پیچہے لاوے اور چارون طرف کرے۔

چوتہا حملہ شیر افگن ہاتہہ پر کہڑا ہو کر سیف اور سپر کو سر پر سے
ایک ساتہہ پہرا کے سیدہا کاٹ مارے اور بائین اور داہنی طرف جہکا
دیکر سیف اور سپر کو اندر کا چکر دیکر داہنا کاٹ مارے اور داہنے ہاتہہ کو بائین
گردش سے روبرو لاوے پہر سپر اور بائین پاؤن کو آگے لاوے
پہر داہنا پاؤن آگے لاکر اسیطرح کرے اور جب گہٹنا ہو تو گردش
کے ساتہہ بایان پاؤن پیچہے گہٹا دیوے اور وہی ضربین مارے۔

پانچوان حملہ لاثانی ہاتہہ پر کہڑا ہو کے سیف اور سپر کو ایکساتہہ
بائین طرف سے سر کی گردش دیکر بائین پاؤن کو سامنے کر کے کہڑا
کاٹ مارے کے پہر پلٹ کے داہنے پاؤن کی طرف سیدہا کاٹ

مارے اور سپر کو داہنی گردش دیکے بائین پاؤن کے روبرو رکھے
اور داہنے پاؤن کو بائین پاؤن کے آگے لاکر پہر سیدہا کاٹ مارے
پہر سپر کو داہنی گردش سے سامنے لاوے اسیطرح سے بڑہتا چلا جاے
اور اسی قاعدے سے واپس آئے اور اسکو چارون طرف بہی کرتے ہین

چہٹا حملہ لاجواب ٹہاٹہہ پر کہڑا ہو کے داہنا پاؤن آگے بڑہا کے
سیدہا کاٹ مارکے اور چکر کہا کے بائین پاؤن پر آکے سپر کو داہنی
گردش سے آگے لاوے پہر داہنا پاؤن اوٹا کاٹ مار کے آگے
بڑہاوے اور سپر کو بائین گردش سے آگے لاوے پہر داہنا کاٹ
مار کے چکر کہا کے بائین پاؤن پر آکے سپر کو داہنی گردش سے آگے
لاوے پہر اسیطرح ضربین مارتا ہوا مثل حلقہ کے کرے۔

ساتوان حملہ بدل ٹہاٹہہ پر کہڑا ہو کے سیف اور سپر کو ایک
ساتہہ داہنی طرف اونچا کرکے پہر ہکا دیکے سامنے لاکر بائین طرف اونچا کرکے
اور سیف کو بائین گردش دیکے داہنی طرف لاکر سیدہے پہانک
اور سپر کے ہاتہہ کو ہکا دیکے داہنی طرف لاوے پہر سیف سے اوٹا
جنیوا مارتا ہوا داہنی طرف لاوے اور سپر کے ہاتہہ کو بائین طرف ہکا
دیکے اونچا کردے پہر داہنے ہاتہہ کو پلٹ کر داہنی طرف اونچا کرے
اور تہہ کو بائین جانب کمر کے برابر لاوے پہر سیف سے جنیوا مار کر بائین طرف
کمر کے برابر لاوے اور سپر کو داہنی جانب کمر کے برابر لاوے پہر سیف
سے اوٹی پہانک مارے اور سپر کو بائین کمر کے برابر لاکے دونون ہاتہون

کو اندر کا چکر دیکر سیف سے داہنا کاٹ مارے اور سپر کو آگے بڑہا
وے پہر داہنے ہاتہہ کو بائین گردش سے روبرو لاوے اور سپر
اور بائین پاؤن کو آگے بڑہا دیوے پہر داہنا پاؤن آگے بڑہا کر اول کی ضربین
مارے بڑہتا جاوے اور گہٹتا آوے اور اسیطرح چارون طرف کرے

اٹھوان حملہ رن سنوار رہتا ہہ پر کہڑا ہو کر سیف اور سپر کو ایک
ساتہہ بائین شانہ سے داہنے شانہ کے آگے لاکے پہر سر کی گرد
پہر آدکے داہنے شانہ سے بائین طرف باہر مارے کے اندر کا چکر دیکر داہنا
کاٹ مارے پہر سیف کو پہیر کے سامنے لاوے اور سپر اور بائین پاؤن
کو آگے بڑہا دیوے پہر داہنا پاؤن آگے بڑہا کے اسی طرح بڑہتا ہوا چلا جاوے
اور گہٹ آوے اسی طرح چاؤن طرف یہی کرے۔

نوان حملہ عدو لرزان کرے تو ہٹا ہہ پر کہڑا ہو کے سیف کو بائین شانہ
سے داہنی طرف سر کے گرد چکر دیکر پہر داہنے طرف لاوے اور سپر کو
داہنی گردش دیکے سر پر سے پہرا کے داہنی طرف لاوے پہر داہنا کاٹ
مار کے ہاتہہ کو گردش دیکے روبرو لاوے اور سپر اور بائین پاؤن کو
گردش دیکے آگے بڑہا دیوے پہر بڑہ کر سیدہا کاٹ مار کے پہر
سپر کو داہنی گردش دیکے سر پر سے پہرا کے سامنے لاوے اور داہنے
پاؤن کو آگے بڑہا کے پہر اسیطرح بڑہتا جاوے اور گہٹ آوے۔

دسوان حملہ عدو حیران کرے تو ہٹا ہہ پر کہڑا ہو کر سیف اور سپر
کو بائین طرف سے اوٹا کاٹ مارتا ہوا سر کا چکر دیکے داہنے پاؤن کی طرف

پلٹ کر کاٹ مارے اور سپر کو گردش دیکے بائین پاؤن کے سامنے
رکھے پہر داہنے پاؤن کو بائین پاؤن کے آگے لاکے ان مارے
اور سپر کو گردش دیکے بائین طرف تان دیوے پہر اولٹا کاٹ مارے
اور اسیطرح سے بڑہتا جاوے اور گہٹتا آوے۔

گیارہوان حملہ اسدی کرے تو ٹہاٹہہ پر کہڑا ہو کے سیف اور
سپر کو ایک ساتہہ داہنا کاٹ مارکے ہاتہون کو سر پر سے پہرا کے بائین پاؤن
پر چکر کہاکے داہنے پاؤن سے ٹہیکی دیکے پہر بایان پاؤن آگے بڑہا کر
لنگوٹ کا ہاتہہ بتاتا ہوا سیف اور سپر کو اونچا کرے پہر وہان سے باہرہ کا ہاتہہ
بتاتا ہوا اولٹا چکر کر کے ہاتہون کو سر پر سے پہراتا ہوا اور داہنے پاؤن
پر چکر کہاکے بائین پاؤن سے ٹہیکی دیکے داہنے پاؤن کو آگے بڑہا دیوے
اور سیدہا کاٹ مارے اسیطرح چارون طرف کرے۔

بارہوان حملہ رزم آرا کرے تو ٹہاٹہہ پر کہڑا ہو کے پاکہرہ ہو اور
سیف اور سپر کو ایک ساتہہ داہنی گردش سے پلٹے کا ہاتہہ مار کر پہر ہاتہہ کو
پلٹ کر چت کرے اور بائین پاؤن کو آگے لاوے اور کہڑا کاٹ مار کے
داہنے پاؤن کی طرف پلٹ کے سیدہا کاٹ مارے اور سپر کے ہاتہہ
کو گردش دیکے بائین طرف تنا رکہے پہر داہنا پاؤن بائین پاؤن کے
آگے لاوے اور سیدہا کاٹ مارے اور سپر کو گردش دیکے آگے
رکہے اور پاکہرہ ہو کے پہر اوسیطرح کرے اور بڑہتا چلا جاوے اور
گہٹتا چلا آوے اور چارون طرف یہی کرے۔

تیرہوان حملہ آفتابی کرے تو ہٹا ہٹہ پر کہڑا ہو کے سیف اور سپر کو بائین طرف سے ہکا دیکے داہنے طرف لاوے پہر سر پر سے پہرا کے سیف سے داہنا کاٹ مارے اور بائین طرف گہوم کر پہر یہی ہاتہہ مارے پہر بائین گردش سے بائین طرف آوے اور یہی ہاتہہ مارے اور بائین گردش سے داہنی طرف آئے اور ایسا ہی کرے اسی طرح کرتا رہے۔


چودہوان حملہ ساعقہ کردار کرے تو ہٹا ہٹہ پر کہڑا ہو کر سیف اور سپر کو بائین طرف سے اوٹا کاٹ مارتا ہوا ہاتہو کو داہنے شانہ پر سے لاکے داہنی طرف اور بائین طرف انیان مارے اور سپر ہاتہہ رہے پہر بائین طرف سے آگے دونون طرف انیان مارے مگر داہنا پاؤن ایک جگہہ رہتا ہے فقط پنجہ پہر جاتا ہے اور بایان پاؤن چار طرف پہرتا رہتا ہے۔

پندرہوان حملہ برق رفتار کرے تو ہٹا ہٹہ پر کہڑا ہو کے سیف اور سپر کو اندر کے لنگوٹ سے گردش دیکے داہنے شانہ پر سے لاکر اوٹا کاٹ مارے اور سپر اور بایان پاؤن آگے بڑہا دیوے پہر سیف اور سپر کو بائین شانہ پر لاکے سر کے گرد پہرا کے آگے لاوے اور داہنا پاؤن آگے بڑہا دیوے اور لنگوٹ کا ہاتہہ مار کر اوسیطرح سے کرتا ہوا بڑہتا چلا جاوے اور کہٹتا چلا آئے

پہلا پیچ سیف اور سپر کا جب حریف سیدہا کاٹ معہ سپر کے گردش دیکر مارے تو یہہ فوراً پیترہ کر کے اوسکی ضربین خالی دیکے اپنی لکڑی سے اوسکی سیف اور سپر کی کلائیون کو اپنی لکڑی پر روکنے کے ساتہی گردش دیکے دونون ہاتہون کی قبضی بندہی ہوی لکڑی کو بائین ہاتہہ سے پلٹ کر نیچے کو ہکا دیکے

دونون سرے لکڑی سے کے اوسکی ٹان گون مین پہنا دیوے پہر اوسکی داہنی طرف سے پشت پر آ کے اپنے داہنے پاؤن کو اوسکے دونون پاؤن کے بیچ مین رکہکر بٹہا بیٹہ پر کہڑا ہو جاوے۔


پہلے پیچ کی تصویر




دوسرا پیچ جب حریف بابان کاٹ مارے تو بہہ پیترہ کر کے اوسکے داہنی طرف آ کے اپنی لکڑی سے اوسکے ہاتہون کو معہ سپر روک کے لکڑی کو نیچے ہکا دیکے تاؤ دیوے اور ڈنڈ پر سے بغل کے نیچے سے نکال کر اپنی لکڑی کو ملٹ کر پہلا سرا اوسکی داہنی ٹانگ مین پہنا دیوے اور دوسرا سرا لکڑی کا پکڑ کر اپنی طرف کھینچ رہے اور اپنے بائین ہاتہہ سے اسکی سپر والے ہاتہہ کو ہی روکے رہے اور اپنے داہنے **دوسرے پیچ کی تصویر** پاؤن کو اوسکے باؤنگ درمیانین

رکھکر تن کر ٹھاٹھہ پر رہے

دوسرے پیچ کی تصویر




تیسرا پیچ جب حریف کہنی اکاٹ مارے تو یہہ نیچے ڈوب کر پیترہ سے جاکر اپنی لکڑی پر اوسکی کلائی کو روک کر اپنے بائین ہاتھہ کو اوسکے داہنے ہاتھہ کے نیچے لیجا کر اپنی لکڑی کو بیچ مین پکڑکر نیچے کو ہکا دیوے اور ساتھی اپنے داہنے ہاتھہ سے اوسکی سپر کی مٹھی کو بل پر پکڑ کر تاؤ دیوے اور غالب ہوجاوے۔



چوتھا پیچ جب حریف انی مارے تو یہہ فوراً پیترہ کرکے اپنی لکڑی سے اوسکی کلائی کے اوپر روک کر نیچے کو ہکا دیکے لکڑی کا سرا اوسکے داہنے پاؤن کے درمیان ڈال کر اور اپنے داہنے ہاتھہ سے اوسکے سر کے ہاتھہ کو روک کر ٹہیکی دیکے درمیان لکڑی کے لاکر ایکی بائین طرف پشت پر جاکے دوسرا سرا لکڑی کا پکڑ کر پیچھے کہینچ رہے اور اپنے داہنے پاؤن کو اوسکے پاؤن کے درمیان رکہکر ٹہانہہ پر کہڑا ہوجاوے۔

چوتھے پیچ کی تصویر



جاننا چاہیئے کہ تلوار اور سیف و جمبیہ و کٹار و پیش قبض وغیرہ کے پیچ بیشمار ہین اس ذرہ بیمقدار سے بسبب طول کے مختصر ہر فن کے پیچ تحریر کئے۔

نوان انداز ایضاً جب دونون شخص مقابل ہوکر ہاتھہ پکڑلیوین تو یہہ سلطانی کرکے اپنا داہنا ہاتھہ چہوڑاکے اوسکے داہنے ہاتھہ کی کہنی کے نیچے رکہکے اوسکے ہاتھہ کے نیچے سے نکل کر اوسکے ہاتھہ کو چیت اپنے کندہے پر رکہکے نیچے کو ہکا دیوے اور پہر روبرو ہوکر اپنے داہنے

ہاتھہ سے اوسکی کہنی پر ٹیکی دیکے گرا دیوے اور اپنے داہنے پاؤن سے اوسکے
پاؤن کے جوڑ پر لات مارے اور غالب ہو کر چلا جاوے۔

اندازکی تصویر



دسواں انداز ایضاً جب دونوں شخص لڑتے ہو کر طمانچہ پر طمانچہ مارتے
ہاتھہ پکڑ لیوین تو بہداہی بائیں چکائی دیکر اپنے دونوں
ہاتھوں سے اوسکے ہاتھوں کو میدا اور اوٹا چکر دیکے
اپنی چھاتی اوسکے پیٹ پر مارے اور اوسکو
اور ہاتھہ کو روکے ہوئے اور ہاتھہ کو روکے ہوئے
پر ہو جاوے۔

اندازکی تصویر




گیارہوان انداز ایضاً جب دونون شخص کھڑے ہوکر بائین ہاتہہ سے
لنگوٹ پکڑی اور وہ داہنے ہاتہہ سے لنگوٹ پکڑے تو یہہ اوسکے
بائین ہاتہہ کو بل دیکے اپنے سر پر سے اوڑا دیوے
اور چہری مارے یا نیچے نکل کیچ کر جاوے



انداز کی تصویر

بارہوان انداز ایضاً جب دونون شخص ٹمانچہ پر ٹمانچہ مارکے ہاتہہ
پکڑلیوین تو یہہ اوسکے داہنے ہاتہہ کو اپنے بائین ہاتہہ سے
بل دیوے اور اپنی چہری اوسکے ہاتہہ
کے اندر سے لاکر اپنی چہری سے
اوسکا ہاتہہ کاٹہہ لیوے اور بل پر روکے
رہے انداز کی تصویر





تیرھواں انداز ایضاً جب دونوں شخص ہاتھہ پکڑے کھڑے ہوویں تو یہہ اپنی چھری اوسکے ہاتھہ پر مارکے اپنا داہنا ہاتھہ چھوڑا کے جھکائی دیکر چھری کی بازہ اوسکی کہنی پر رکھکے اوپر اوٹھا دیوے اور آپنے باہین ہاتھہ سے اوسکی کہنی تمام کے اپنی چھری مارے

تصویر

انداز کی

چودھواں انداز ایضاً جب دونوں شخص ہاتھہ پکڑے کھڑے ہوویں تو یہہ اپنے داہنے ہاتھہ کو چکر دیکر چھری اوسکے سینہ پر مارے اور باہین ہاتھہ سے گردش دیکے اوسکی چھری گرادیوے

انداز کی

تصویر

پندرہوان انداز ایضاً جب دونون شخص کھڑے ہووین تو یہہ

جھکائی دیکے اوسکے داہنے ہاتہہ کے نیچے سے نکل کے اپنے بائین
ہاتہہ سے اوسکے داہنے ہاتہہ کو بل دیوے اور
داہنے ہاتہہ کو اوسکے گلے مین ڈالے اور
داہنے پاؤن کو اوسکے پاؤن
کے درمیان رکہکے ضرب کرکے بل پر
گرادیوے



انداز کی تصویر

گیارہوین فصل کھڑے پیچون کے توڑ مین

پہلا توڑ کہڑے پیچ کا جسوقت حریف گردن ہاتہہ کے نیچے ڈالے
توبہہ اپنے بائین ہاتہہ سے اوسکی گردن زور سے داب لیوے اور اپنا داہنا
ہاتہہ کمر سے کہینچ کے چہری مارے **دوسرا توڑ** جسوقت حریف داہنے پاؤن
داہنی طرف کو ہٹکا دیکے پہرے توبہہ آپ بہی اوسکی طرف کو پہر جاوے اور
چہری مارے **تیسرا توڑ** جسوقت حریف بطور بغلی کے داہنا ہاتہہ اپنے سر
پر سے اوڑاوے توبہہ اپنے داہنے ہاتہہ کے نیچے سے پلٹ جاوے اور اپنی

پشت اوسکی پشت سے لگا دیوے اور رکھا دیکے اوسکا ہاتھہ اپنے شانہ پر سے
کھینچ لیوے اور چھری مارے **چوتھا توڑ** جبوقت حریف بائین ہاتھہ کی کہنی
مین خم دیکے گلے مین ڈالے تو یہہ اپنا بایان ہاتھہ اونچا کرکے نیچے سے بائین ہاتھ
کے بل پر چکر کہا کے پھر جاوے اور چھری مارے **پانچوان توڑ** جبوقت
حریف چکر کہا کے دونون ہاتھہ اپنے شانے پر رکھے تو یہہ بھی ساتھی اوسکے پھرنے
کے اپنے دونون ہاتھون کے نیچے سے چکر کہا کے نکل جاوے اور اوسکی پشت
سے پشت لگا کے اوسکو اپنی پشت پر لا کے چھری مارے **چھٹا توڑ** جبوقت
حریف چھری اوتار کے اوسکے داہنے ہاتھہ کی کہنی پر رکھکے دباوے تو یہہ اپنے
داہنے ہاتھہ کے نیچے سے چکر کہا کے نکل جاوے اور چھری مارے **ساتوان**
توڑ جبوقت حریف اپنا داہنا ہاتھہ چھوڑا کے داہنے ہاتھہ کے
ڈنڈ پکڑے تو یہہ فوراً پینترہ بدل کے اپنے بائین پاؤن کا
پنجہ اوسکے داہنے پاؤن کے پنجہ پر کہہ کے اپنے بائین ہاتھہ
سے اوسکے داہنے ہاتھہ کی کہنی پر ٹھوکر دیوے اور اپنا گھٹنا اوسکے
پاؤن کے جوڑ پر مارے

آٹھوان توڑ جبوقت حریف اپنا داہنا پاؤن آگے بڑھا کے
رکھے اور اپنے بائین ہاتھہ سے اوسکے داہنے ہاتھہ پر تاؤ
دیوے تو یہہ فوراً سلطانی اوسکے پیٹ پر اوتار دیوے۔
نوان توڑ جبوقت حریف داہنا ہاتھہ چھوڑا کے ہاتھہ کے
نیچے سے نکلے تو یہہ فوراً اپنے داہنے ہاتھہ مین خم دیکے اوسکے

گلے مین ہاتہہ لپیٹ کے اپنے بائین ہاتہہ سے چہاتی گہون مار کے چہری مارے۔

دسوان توڑ جسوقت حریف سیدہا اور اولٹا چکر ہاتہون کو دیوے تو یہہ فورا اپنی چہری کو پہیر کے باڑہ سے اوسکے دونون ہاتہہ کاٹ دیوے

گیارہوان توڑ جسوقت حریف لنگوٹ پکڑ کے بائین ہاتہہ کو اوڑے تو یہہ فورا اپنے بائین ہاتہہ سے حریف کا گلا پکڑ کے دبا دیوے اور اپنے داہنے ہاتہہ کو پہیر کے چہری مارے

بارہوان توڑ جسوقت حریف بائین ہاتہہ سے اسکے داہنے ہاتہہ پر بل دیوے اور چہری داہنے ہاتہہ کے اندر ڈالے تو یہہ ذرہ پہیر کے اپنی چہری اوسکے ہاتہہ پر سے اوتار کے اپنی کہنی سے اوسکے داہنے ہاتہہ کو داب کے تمام جسم سے ہٹا دیکے سیدہا ہوجاوے اور چہری کی باڑہ سے ہاتہہ کاٹ دیوے اور ہٹا ہٹہ پر ہوجاوے تیرہوان توڑ جسوقت حریف داہنا ہاتہہ چہری سے چہوڑا دے اور جہکائی دیوے تو یہہ بہی اپنی چہری اوسکے ہاتہہ پر سے اوتار کے باڑہ سے اوسکے دونون ہاتہہ کاٹ جاوے اور سانہی اپنی لات اوسکے پاؤن کے جوڑ پر مار جو دہوان توڑ جسوقت حریف ہاتہون کو چکر دیوے تو یہہ داہنے ہاتہہ کو چہوڑ دیوے جب وہ چہری مارے تو یہہ بائین ہاتہہ روک کر بل دیکے چہری اوسکی چہین لیوے پندرہوان توڑ جسوقت حریف ہاتہہ نیچے سے نکل کر بل دیوے اور دوسرا ہاتہہ گلے پر رکہکے اور داہنا پاؤن درمیان

ہو پاؤن کے رکہے تو یہہ بہی کر اپنی پاؤن سے اوسکا پاؤن اوٹہا کر اوسکے گلے پر رکہہ دیوے اور چہری مار

بارہوین فصل جسم کے بلون اور لڑائی کے اندازون اور پیچ کی چوٹون کے اصول و دل باٹک و باٹا و تلوار و پنجہ اور چند ضروری باتون کے بیان مین

سوالات نلرح سے چہری چہنیے ہین اول بائین ہاتھہ سے کہ دوسرا ہاتھہ شریک ہو چہہ طرح پر دوسرے داہنے ہاتھہ سے یعنے ضرب حریف مارے تو چہری سے چہری اوڑا دیوے چہہ طرح سے تیسرے اگر حریف ضرب مارے اور طاقت دار ہو تو دونون ہاتھون سے اوسکے ہاتھہ کو بل پر پکڑ کر چہری چہین لیوے چار طرح پر۔

جاننا چاہیے کہ کل جسم مین ۱۴ بل پڑتے اور کہلاتے ہین اگر اسکا خیال کیجیگا تو خطا اوٹہایا دیگا کہ کشتی و لکڑی و باٹک و کٹار و چہنیہ مین کل بلون کا خیال ضرور ہے کہ ضرب روک پیچ و توڑن مین ہی بل پڑتے اور کہلاتے ہین تفصیل دو ہاتہون کی کلائیون مین ۸ دونون کہنیون مین ۸ دونون شانون مین ۸ دونون پاؤن کے پنجہ مین ۸ دونون پاؤن کے گہٹنون مین ۸ دونون کولون مین ۸ گردن مین ۴ اور کل جسم مین ۱۴ پڑتے ہین۔ منجملہ اسکے ضرب طمانچہ مین ۷ بل ضرب کمر داہنی مین ۷ ضرب کمر بائین مین ۵ ضرب باہر ۷ ضرب سر مین ۳ ضرب اٹی ۳ ---

پہلا انداز ارشست مقابلہ اپنے حریف کے مقابل بیٹہے تو اپنا داہنا پاؤن ہتوڑا سا آگے بڑہا کے یعنے داہنا گہٹنا اپنی چہاتی کے سامنے رکہے اور دونون

ہاتھون کی قبضی اپنی چھاتی پر رکھکے بہت ہوشیاری سے اوسکی نظر سے نظر ملائے رہے
اور اوسکے اندازہ اور ہٹاہٹہ کو بغور دیکھے کہ کس ٹھاہٹہ سے بیٹھا ہے اور کیا کرتا ہے
اور وہ باقاعدہ بیٹھکے چوٹین باقاعدہ چلے تو یہہ بھی دیکھنا چاہیئے کہ چوٹین مفرد
مارتا ہے یا پلٹے کی چوٹین مارتا ہے اگر چوٹین مفرد مارتا ہو تو اوسکی پہلی فصل مین لکھی ہے
اوسپر عمل کرے اور اوسی قاعدہ سے روکے اور اگر پلٹے کی چوٹین مارتا ہو تو اپنے
ٹھاہٹہ پر بیٹھا رہے جسوقت اوسکا ہاتھہ لچھہ ختم کرکے پھر چوٹ پر آوے تو موافق
اوسی قاعدہ کے روکے اور اوسکی کلائی اور کہنی کے بل پر نگاہ رکھے کہ اوسکا ہاتھہ
کس بل پر آتا ہے جس بل پر اوسکا ہاتھہ آوے اوسکی بندش کرے اگر ہاتھہ اوسکا ملکر
تو جانے دے آپ پھر اپنے ٹھاہٹہ پر ہو بیٹھے اگر دیکھے کہ حریف بہت چالاک آتا ہے
اور نہایت چستی سے چوٹین چلتا ہے کہ نوبت چوٹ مارنے کی نہین ملتی ہے تو
اوسکو چلنے دے مگر ذرا فاصلہ پر ہو جاوے اور دونون ہاتھون سے یعنے چہری
کی باڑہ اور بائین ہاتھہ سے چوٹ روکے اگر وہ سست اور کمزور ہوگا تو آپ
سستی نکرے کہ وہ اپنے اوپر غالب ہو جاوے آپ بھی اوسکی چوٹ کا جواب
دیتا رہے یعنے اگر وہ طمانچہ مارے تو یہہ فوراً کمر بائین مارے اگر وہ کمر داہنی
مارے تو یہہ باہرہ مارے اگر وہ سر مارے تو یہہ انی مارے اگر وہ کمر بائین مارے
تو یہہ طمانچہ مارے اگر وہ باہرہ مارے تو یہہ داہنی کمر مارے اگر وہ انی مارے
تو یہہ سر مارے اگر اسیطرح سے چوٹون کا جواب دیتا رہے گا تو مخالف کو جرأت
بڑہنے کی نہوگی اور دل اوسکا ٹوٹ جاویگا جب دیکھے کہ حریف خوب تہکا
اور وہ چالاکی نہین رہی تو آپ سنبھل بیٹھے اور آپ چست چالاک ہوکے پھر

کی چوٹین نگاہے کہ اوسکی آنکھون مین چکا چوند ہو جاوے اور نگاہ اوسکی قایم نہ رہے
پہلا انداز بچھے کی چوٹون کا طمانچہ باہرہ طمانچہ اور سیدہی چاکی یعنے
اپنے داہنے ہاتھہ کو اونچا کرکے دو بار اپنی چہری کو داہنی گردش دیکے طمانچہ
مارے۔ دوسرا انداز بچھہ کمر بائین کمر بائین کمر داہنی باہرہ اولٹی چاکی
یعنے اپنے داہنے ہاتھہ کو مع چہری اوسکی بائین طرف اولٹی گردش دیکے بائین
کمر مارے۔ تیسرا انداز کمر داہنی کمر داہنی بائین ٹیک داہنی ٹیک باہرہ مارے
اپنی پشت پر ہاتھہ لیجاکے داہنی کمر مارکے اندر سے ہاتھہ کو اونچا کرکے ہاتھہ کو کاٹ
لیجاے چوتھا انداز بچھہ باھرہ باہرہ طمانچہ بائین کمر مارکے ہاتھہ اپنی طرف کھینچ
کے باہرہ مارے پانچوان انداز بچھہ سر کا سر ادر شیر گھورو یعنے اپنے دونو
ہاتھہ سر سے اونچے کرکے زمین پر ٹیک کے پھر وہان سے ہاتھہ اوٹھاکے اٹی مارے
اور اپنی چہری کی باڑہ اوسکے منہ کے قریب دیکھاکے سر مارے بیٹھے چھٹا انداز
بچھہ اٹی اٹی مارکے اپنی چہری کی باڑہ اوسکے بائین طرف آنکھون کے سامنے
یعنے نوک چہری کی اوسکے بائین طرف اور قبضہ داہنی طرف لیجاکے پھر اپنا بایان
ہاتھہ شریک کرکے یعنے اپنا داہنا ہاتھہ اوسکی داہنی طرف آنکھون کے قریب اور
بایان ہاتھہ اوسکے بائین طرف لیجاکے پھر دونون ہاتھون کو بطور جھکائی کے
دیکھاکے اپنے داہنے ہاتھہ کو بائین گردش سے اپنے داہنے شانہ پر لاکے اٹی مارے
ساتوان طریقہ چہری کی دوسری گرفت کا بچھہ کھڑی چہری پکڑ
کے یعنے نوک چہری کی اوپر اور دستہ نیچے مثل تلوار کے پکڑکے سامنے ٹہاٹہ
پر بیٹھہ کے اپنی چہری سیدہی پھراوے پھر طمانچہ باہرہ اپنے ہاتھہ کو شریک کرکے

دکھاوے اور داہنی کمر باہر مارے کے اولٹا سر تاکے لنگوٹ کا ہاتھ مارے ۔
اٹھوان انداز بچھہ کھڑی چھری پکڑ کے اپنا داہنا ہاتھ تان کے سیدھی
چاکی مارے کے اولٹا سر باہر مارے پھر اولٹا سر اوسکے منہ پر دیکھا کے شیر گھور و کے
پھر اولٹا سر سیدھا سر اولٹا سر مارے کے داہنی کمر مارے **نوان انداز** بچھہ
کھڑی چھری پکڑ کے ٹھاٹھہ پر بیٹھ کے اپنی چھری سر پر سے پھرا کے طمانچہ دکھا کے
داہنی کمر مارے کے اولٹا سر سیدھا سر مارے کے باہر مارے **دسوان انداز** بچھہ
کھڑی چھری پکڑ کے چھری کا ہاتھہ سامنے کر کے اپنی چھری کو اندر کا چکر دے کے اپنی
چھری پشت پر لیجاوے پھر ہاتھہ نکال کے بائین طرف ٹیک کے باہر دیکھا کے
داہنی کمر مارے اور گھونگھٹ کی چوٹ اولٹا سر سیدھا سر پھرانی مارے کے طمانچہ
باہر طمانچہ مارے **گیارہوان انداز** بچھہ کھڑی چھری پکڑ کے اپنی چھری داہنی
طرف ٹیک کے پھر بائین طرف ٹیک کے باہر مارے کے چھری کو سیدھا پھرا کے
اپنے سر پر سے اوڑا کے ترچھے ہو کے انی مارے پھر ہاتھہ گھسیٹ کے طمانچہ باہر
طمانچہ مارے **بارہوان انداز** بچھہ کھڑی چھری پکڑ کے باڑہ چھری کی اوسکے
سامنے کر کے طمانچہ بائین کمر داہنی کمر باہر مارے کے اولٹا سر سیدھا سر مارے کے
پھر طمانچہ باہر طمانچہ مارے **تیرہوان انداز** بچھہ کھڑی چھری پکڑ کے ٹھاٹھہ پر
بیٹھ کے اپنی چھری داہنی طرف ٹیک کے پھر بائین طرف ٹیک کے باہر
دیکھا کے چھری اوسکی باہر پھینکا کے اپنی چھری سر پر سے ہاتھہ پھرا کے ترچھے
ہو کے انی مارے پھر پیچھے سے ہاتھہ پھیر کے باہر مار کے طمانچہ باہر طمانچہ مارے

اصول لڑائی کا جب دیکھے کہ حریف بہت چالاک ہے اور اپنی چوٹوں

سے مارنہین کہاتا تو لڑتے لڑتے اپنی دستار یا دوپٹہ یا رومال اوسکے مُنہ پر پھینک
مارے جب حریف اودہر مخاطب ہو تو جس چوٹ کا موقع دیکھے فوراً مار بیٹھے
اگر حریف بہت قوی اور زبردست ہے تو اوسکے قریب حتی الامکان نہ جاوے
اور اوس سے دست بدست نہووے اور جب وہ ہاتھہ پکڑلیوے تو سلطانی کرکے
چہری کی یا رہے سے اوسکی کلائی پر ہکا دیکے چھوڑاوے اگر اس پر بھی ہاتھہ کو نچھوڑے
تو اپنے داہنے پاؤن کی ضرب سے چھوڑاوے اگر ضرب سے بھی نچھوڑے
اور قصداً وپر آیا کرے تو جس جگہہ دیکھے کہ اپنی لات کام کریگی مار بیٹھے اور اگر
طاقت مین اپنا ہمسر دیکھے تو اوس سے مقابل ہوکے لڑتا رہے اگر وہ چوٹ
داہنی مارے تو دونون ہاتھون کی ہتھکی دیکے اوسکے ہاتھہ کو نیچے لاکے اپنے
داہنے گھٹنے سے اوسکا ہاتھہ داب لیوے اور چہری مار بیٹھے یا جس پیچ کا
موقع دیکھے کر جائے اگر حریف بائین طرف چوٹ مارے تو یہہ اپنے بائین ہاتھہ
سے اوسکا ہاتھہ پکڑکے اپنے داہنے پاؤن سے اوسکا ہاتھہ باندہ لیوے یا
جس پیچ کا موقع ہووے کر جاوے اور چاہیئے کہ روکنے اور مارنے مین بہت
ہوشیاری اور چستی کے ساتھہ حریف سے لگرے اور اوسکی ضرب کو روکے
اور خیال رکھے کہ یہان اس پیچ کا موقع ہے یا گھٹنے یا ٹہنے سے کام نکلتا ہے
ویسا کرے اور حریف کی نظر سے نظر لڑائے رہے کیونکہ دستور ہے کہ ہر شخص
جو چوٹ مارتا ہے تو پہلے مقام مارنیکا دیکھہ لیتا ہے یہہ خیال رکھے کہ جس مقام
پر اوسکی نگاہ جاوے اوس مقام کی حفاظت کرے اور روکنے مارنے
مین بہت چالاک رہے اللہ مدد کریگا یہہ باتین جو بکار آمد نہین وہ تحریر کین

بیان دلپاک کا

جاننا چاہیے کہ یہہ فن بہی نہایت وسیع ہے بیٹہہ کر اور گہٹنون پر اور کہڑے ہوکر مجمع کے ساتہہ کیا جاتا ہے۔

انداز سلام پہلا چار آدمی حلقہ کرکے بیٹہہ کر سر ایکساتہہ انی ایکساتہہ باہرہ ایکساتہہ طمانچہ ایکساتہہ مارین اور ہاتہون کو کرنش کی لطور مصافحہ کے سلام لیوین

انداز سلام دوسرا سر اور انی ایکساتہہ مار کر شیر گہورو کرین پہر گہٹنون پر کہڑے ہوکر باہرہ طمانچہ ایکساتہہ مار کے چہریون کو گردش دیکے مٹہی سے مٹہی ملا کر سلام لیوین

تیسرا انداز سلام تینون شخص طمانچہ مار کے باہین ٹیک دیکے باہین کمر مار کر طمانچہ باہرہ طمانچہ مار کے ہاتہون کو پکڑ کے لطور مصافحہ کے سلام لیوین

انداز سلام چوتھا طمانچہ انی مار کے کہڑے ہوکر باہرہ ایکسا طمانچہ ایکساتہہ باہرہ ایکساتہہ طمانچہ ایکساتہہ مار کے چہریون کو داہنی گردش دیکے کہڑی چہریان پکڑ کے اور داہنے پاؤن آگے بڑہا کے سلام لیوین

پہلی گہائی کا انداز نمبر ایک طمانچہ نمبر دو کو مارے نمبر دو طمانچہ نمبر تین کو مارے نمبر تین طمانچہ نمبر ایک کو مارے پہر نمبر ایک کمر باہین نمبر تین کو مارے نمبر تین نمبر دو کو مارے نمبر دو نمبر ایک کو مارے پہر نمبر ایک داہنی کمر نمبر دو کو مارے نمبر دو نمبر تین کو مارے نمبر تین نمبر ایک کو مارے پہر نمبر ایک باہرہ نمبر تین کو نمبر تین نمبر دو کو نمبر دو نمبر ایک کو مارے پہر نمبر ایک سر نمبر دو کو مارے نمبر دو نمبر تین کو مارے نمبر تین نمبر ایک کو مارے پہر نمبر ایک انی نمبر تین کو مارے نمبر تین نمبر دو کو نمبر ایک کو مارے

دوسرا انداز گہائی نمبر ایک باہرہ نمبر

تین کو اور طمانچہ نمبر ۲ کو مارے نمبر ۲ باہرہ نمبر ۱ کو اور طمانچہ نمبر تین کو مارے
نمبر تین باہرہ نمبر ۱ کو اور طمانچہ نمبر ۲ کو پھر نمبر ۱ باہین کمر نمبر تین کو اور
داہنی کمر نمبر ۲ کو مارے نمبر ۲ باہین کمر نمبر ۱ کو اور داہنی کمر نمبر تین کو مارے
نمبر تین باہین کمر نمبر ۲ کو اور داہنی کمر نمبر ۱ کو مارے پھر نمبر ۱ سر نمبر ۲
کو اور انی نمبر تین کو مارے اور نمبر ۲ سر نمبر تین کو اور انی نمبر ۱ کو مارے
نمبر تین سر نمبر ۱ کو مارے اور انی نمبر ۲ کو مارے **تیسری کھائی** بادشاہ پسند
باہرہ ایکساتھہ طمانچہ ایکساتھہ باہرہ ایکساتھہ طمانچہ ایکساتھہ مارکے ہاتھون کو
گردش دیکے چہریان باہین ہاتھون مین لیکے فوراً داہنے ہاتھہ مین لیلیون
نمبر ۱ باہین کمر نمبر تین کو مارے اور طمانچہ نمبر ۲ کو مارے نمبر ۲ باہین کمر
نمبر ۱ کو اور طمانچہ نمبر تین کو نمبر تین باہین کمر نمبر ۲ کو اور طمانچہ نمبر ۱ کو پھر
نمبر ۱ باہرہ نمبر تین کو اور داہنی کمر نمبر ۲ کو نمبر ۲ باہرہ نمبر ۱ کو اور داہنی
کمر نمبر تین کو نمبر تین باہرہ نمبر ۲ کو اور داہنی کمر نمبر ۱ کو نمبر ۱ انی نمبر تین
کو اور سر نمبر ۲ کو نمبر ۲ انی نمبر ۱ کو اور سر نمبر تین کو نمبر تین انی نمبر ۲ کو اور سر
نمبر ۱ کو مارے **چوتھی کھائی راجہ پسند** سر انی ایکساتھہ شیر کھولا ایکساتھہ
کرکے باہرہ ایکساتھہ طمانچہ ایکساتھہ باہرہ ایکساتھہ طمانچہ نمبر ۱ طمانچہ نمبر ۲ کو
نمبر ۲ و طمانچہ نمبر تین کو نمبر تین طمانچہ نمبر ۱ کو پھر نمبر ۱ باہین کمر نمبر تین کو نمبر
تین باہین کمر نمبر ۲ کو نمبر ۲ باہین کمر نمبر ۱ کو نمبر ۱ داہنی کمر نمبر ۲ کو نمبر ۲ و داہنی کمر نمبر
تین کو نمبر تین داہنی کمر نمبر ۱ کو بھی نمبر ۱ باہرہ نمبر تین کو نمبر تین باہرہ نمبر
۲ کو نمبر ۲ و باہرہ نمبر ۱ کو نمبر ۱ سر نمبر ۲ کو نمبر ۲ سر نمبر تین کو نمبر تین سر نمبر

ایک کو نمبر ایک انی نمبر تین کو نمبر تین انی نمبر دو دو انی نمبر ایک کو مارے
پانچوین کہانی مہاراج پسند نمبر ایک طمانچہ نمبر دو کو بتا کر داہنی گردش
دیکے بائین کمر نمبر تین کو مارے نمبر دو طمانچہ نمبر تین کو بتا کر گردش دیکے بائین
کمر نمبر ایک کو مارے نمبر تین طمانچہ نمبر ایک کو بتا کر گردش دیکے بائین کمر نمبر دو کو
مارے پھر نمبر ایک داہنی کمر نمبر دو کو بتا کر باہرہ نمبر تین کو نمبر دو داہنی کمر نمبر تین کو
بتا کر باہرہ نمبر ایک کو نمبر تین داہنی کمر نمبر ایک کو بتا کر باہرہ نمبر دو کو پھر نمبر ایک
سر نمبر دو کو بتا کر انی نمبر تین کو نمبر دو سر نمبر تین کو بتا کر انی نمبر ایک کو نمبر تین سر
نمبر ایک کو اوانی نمبر دو کو **چھٹی کہانی گلشن ضرب** نمبر ایک طمانچہ
داہنی کمر نمبر دو کو بتا کر نمبر تین کو بائین کمر نمبر دو طمانچہ داہنی کمر نمبر تین کو بتا کے
بائین کمر نمبر ایک کو نمبر تین طمانچہ داہنی کمر نمبر ایک کو بتا کر بائین کمر نمبر دو کو پھر
نمبر ایک باہرہ نمبر تین کو اور سر نمبر دو کو اور انی نمبر تین کو نمبر دو باہرہ نمبر ایک
کو اور سر نمبر تین کو اور انی نمبر ایک کو نمبر تین باہرہ نمبر دو کو اور سر نمبر ایک کو
اور انی نمبر دو کو مارے **ساتوین کہانی گلزار ضرب** طمانچہ ایکساتھہ کمر
بائین ایکساتھہ کمر داہنی ایکساتھہ باہرہ ایکساتھہ سر ایکساتھہ انی ایکساتھہ شیر کہورو
نمبر ایک بائین کمر نمبر تین کو اور نمبر دو کو طمانچہ نمبر دو بائین کمر نمبر ایک کو اور طمانچہ
نمبر تین کو نمبر تین بائین کمر نمبر دو کو اور طمانچہ نمبر ایک کو پھر نمبر ایک داہنی کمر نمبر
دو کو اور باہرہ نمبر تین کو نمبر دو داہنی کمر نمبر تین کو اور باہرہ نمبر ایک کو نمبر تین
داہنی کمر نمبر ایک کو اور باہرہ نمبر دو کو پھر نمبر ایک سر نمبر دو کو اور انی نمبر تین کو
نمبر دو سر نمبر تین کو اور انی نمبر ایک کو نمبر تین سر نمبر ایک اور انی نمبر دو کو ماری

آٹھویں کھائی بہار ضرب نمبر ایک باہرہ نمبر تین کو اور طمانچہ نمبر دو
کو نمبر دو باہرہ نمبر ایک کو اور طمانچہ نمبر تین کو نمبر تین باہرہ نمبر دو کو اور طمانچہ نمبر ایک
کو پھر تینوں شخص باہرہ ایکساتھہ طمانچہ ایکساتھہ باہرہ ایکساتھہ طمانچہ ایکساتھہ مار کے
پھر طمانچہ ایکساتھہ گھٹنوں پر کھڑے ہوکے اور شیر گھور وکر کے بیٹھ جاوین نمبر ایک
باہین کمر نمبر تین کو اور طمانچہ نمبر دو کو نمبر دو باہین کمر نمبر ایک کو اور طمانچہ نمبر تین
کو نمبر تین باہین کمر نمبر دو کو اور طمانچہ نمبر ایک کو نمبر ایک سر نمبر دو کو اور رانی نمبر
تین کو نمبر دو سر نمبر تین کو اور رانی نمبر ایک کو نمبر تین سر نمبر ایک کو اور رانی نمبر دو کو مانو تین
کھائی رزم شیران تینوں شخص سر ایکساتھہ رانی ایکساتھہ مار کر شیر گھور وکر کے
پھر باہرہ ایکساتھہ طمانچہ ایکساتھہ باہرہ ایکساتھہ طمانچہ ایکساتھہ کر کے باہین ٹیک
داہنی ٹیک ایکساتھہ کر کے نمبر ایک کمر باہین اور باہرہ نمبر تین کو نمبر تین کمر اور
باہرہ نمبر دو کو نمبر دو کمر باہرہ نمبر ایک کو پھر نمبر ایک سر نمبر دو کو اور رانی نمبر تین
کو نمبر دو سر نمبر تین کو اور رانی نمبر ایک کو نمبر تین سر نمبر ایک کو اور رانی نمبر دو کو
مارے دسویں کھائی رزم دلیران نمبر ایک طمانچہ نمبر دو کو اور باہین کمر
نمبر تین کو نمبر دو طمانچہ نمبر تین کو اور باہین کمر نمبر ایک کو نمبر تین طمانچہ نمبر ایک کو
اور باہین کمر نمبر دو کو پھر نمبر ایک سر نمبر دو کو اور رانی نمبر تین کو نمبر دو سر نمبر تین کو اور
رانی نمبر ایک کو نمبر تین سر نمبر ایک کو اور رانی نمبر دو کو مار کر کھڑے ہوکے باہرہ
ایکساتھہ طمانچہ ایکساتھہ باہرہ ایکساتھہ طمانچہ مار کے باہین ٹیک داہنی ٹیک
گھٹنوں پر آکر شیر گھور وکر کے بیٹھ جاوین پھر تینوں شخص اپنا اپنا مار کے طمانچہ کمر
باہین سرانی مارین گیارہویں کھائی مصاف شجاعان نمبر ایک طمانچہ

نمبر دو کو اور بائین کمر نمبر تین کو نمبر دو طمانچہ نمبر تین کو اور کمر بائین نمبر ایک کو
نمبر تین طمانچہ نمبر ایک کو اور بائین کمر نمبر دو کو چلکے پھر تینون شخص سر اور ایمان
مالے کھڑے ہو جاوین اور باہرہ طمانچہ باہرہ طمانچہ ایکساتھہ مارے شیر گھوڑہ
کرکے گھٹنون پر آکے نمبر ایک انی نمبر تین کو اور طمانچہ نمبر دو کو نمبر دو انی نمبر ایک
کو اور طمانچہ نمبر تین کو نمبر تین انی نمبر دو کو اور طمانچہ نمبر ایک کو مارکے پیٹھ کے
پھر نمبر ایک کمر بائین نمبر تین کو نمبر تین بائین کمر نمبر دو کو نمبر دو کمر بائین نمبر
ایک کو پھر نمبر ایک سر نمبر دو کو اور انی نمبر تین کو نمبر دو سر نمبر تین کو اور انی نمبر ایک
کو نمبر تین سر نمبر ایک کو اور انی نمبر دو کو مارے بارھوین گھمائی دنگل جیتنے
نمبر ایک اولٹا سر تاکے طمانچہ نمبر دو کو نمبر دو اولٹا سر تاکے طمانچہ نمبر تین کو نمبر تین
اولٹا سر تاکے طمانچہ نمبر ایک کو پھر نمبر ایک اولٹا سر تاکے بائین کمر نمبر تین کو
نمبر تین اولٹا سر تاکے بائین کمر نمبر دو کو نمبر دو اولٹا سر تاکے بائین کمر نمبر ایک کو
پھر نمبر ایک اولٹا سر تاکے داہنی کمر نمبر دو کو نمبر دو اولٹا سر تاکے داہنی کمر نمبر تین
نمبر تین اولٹا سر تاکے داہنی کمر نمبر ایک کو نمبر ایک اولٹا سر تاکے باہرہ نمبر تین
نمبر تین اولٹا سر تاکے باہرہ نمبر دو کو نمبر دو اولٹا سر تاکے باہرہ نمبر ایک کو
پھر نمبر ایک اولٹا سر تاکے سر نمبر دو کو نمبر دو اولٹا سر تاکے سر نمبر تین کو نمبر تین
اولٹا سر تاکے سر نمبر ایک کو پھر نمبر ایک اولٹا سر تاکے انی نمبر تین کو نمبر تین
اولٹا سر تاکے انی نمبر دو کو اور اولٹا سر تاکے انی نمبر ایک کو مارے تیرھوین
گھمائی دہشت ناک نمبر ایک جھکائی سے انی تاکے طمانچہ نمبر دو کو اور
بائین کمر نمبر تین کو نمبر تین جھکائی سے انی تاکے طمانچہ نمبر دو کو اور بائین کمر نمبر تین

کو نمبر تین جھکائی سے انی بتا کے طمانچہ نمبر ایک کو اور بائین کمر نمبر ۲ کو پھر نمبر ایک
جھکائی سے انی بتا کے داہنی کمر نمبر ۲ کو اور باہرہ نمبر تین کو نمبر تین جھکائی سے انی
بتا کے داہنی کمر نمبر ایک کو اور باہرہ نمبر ۲ کو پھر نمبر ایک جھکائی سے انی بتا کے
سر نمبر ۲ کو اور انی نمبر تین کو نمبر ایک جھکائی سے انی بتا کے سر نمبر تین کو اور
انی نمبر ایک کو نمبر تین جھکائی سے انی بتا کے سر نمبر ایک کو اور انی نمبر ۲ کو مارے

چودھویں طھائی زلزلہ قاف نمبر ایک داہنا بایان جنیوا بتا کے
طمانچہ نمبر ۲ کو اور بائین کمر نمبر تین کو نمبر تین داہنا بایان جنیوا بتا کے طمانچہ نمبر ایک
کو اور بائین کمر نمبر ۲ کو نمبر ۲ داہنا بایان جنیوا بتا کے طمانچہ نمبر تین کو اور بائین
کمر نمبر ایک کو پھر نمبر ایک داہنا بایان جنیوا بتا کے داہنی کمر نمبر ۲ کو اور باہرہ نمبر تین
کو نمبر تین داہنا بایان جنیوا بتا کے داہنی کمر نمبر ایک اور باہرہ نمبر ۲ کو نمبر ۲ داہنا
بایان جنیوا بتا کے داہنی کمر نمبر تین کو اور باہرہ نمبر ایک کو نمبر تین داہنا بایان جنیوا بتا کے
داہنی کمر نمبر ایک کو اور باہرہ نمبر تین کو پھر نمبر ایک داہنا بایان جنیوا بتا کے سر نمبر ۲
کو اور انی نمبر تین کو نمبر ۲ داہنا بایان جنیوا بتا کے سر نمبر تین کو اور انی نمبر ایک کو نمبر
تین سر نمبر ایک کو اور انی نمبر ۲ کو مارے

پندرھویں طھائی کاندھا لیک
نمبر ایک خفیف ٹیکین داہنی بائین کر کے باہرہ نمبر تین کو اور طمانچہ نمبر ۲ کو نمبر ۲
داہنی بائین خفیف ٹیکین بتا کے باہرہ نمبر ایک کو اور طمانچہ نمبر تین کو نمبر تین داہنی
بائین ٹیکین بتا کے باہرہ نمبر تین کو اور طمانچہ نمبر ایک کو پھر نمبر ایک دونون ٹیکین بتا کے
بائین کمر نمبر تین کو اور داہنی کمر نمبر ۲ کو نمبر ۲ دونون ٹیکین بتا کے بائین کمر نمبر ایک
کو اور داہنی کمر نمبر تین کو نمبر تین دونون ٹیکین بتا کے بائین کمر نمبر ۲ کو اور داہنی کمر

نمبر ایک کو پھر نمبر ایک دونون ٹکین تاکے سر نمبر دو کو اور انی نمبر تین کو نمبر دو دونون
ٹکین تاکے سر نمبر تین کو اور انی نمبر ایک کو نمبر تین دونون ٹکین تاکے سر نمبر ایک
کو اور انی نمبر دو کو مارے **پیچون کا ذکر**

پہلا پیچ تینون شخص چوکا کرین یعنے باہرہ طمانچہ باہرہ طمانچہ یہہ چوتین کیساتہہ
مارکے ماتہہ پکڑلیوین نمبر ایک گھٹنون پر کہڑا ہوکے اپنی چہری اوتارکے نمبر دو کا
ماتہہ باندہ لیوے اور نمبر تین کے ماتہہ پر اولٹا ہتکوڑا باندہے اور چہری مارے

دوسرا پیچ چوکا کرکے طمانچہ پر ماتہہ پکڑکے نمبر ایک اپنی چہری اوسکے
ماتہہ پرسے اوتارکے اپنے بائین گھٹنے پر کہڑا ہوکے اپنا داہنا پاؤن نمبر دو کے
داہنے ماتہہ پر رکہکے اپنے بائین ماتہہ مین خم دیکے نمبر تین کے داہنے ماتہہ کو
اوسکے گلے مین لپیٹ کے اپنی چہری مارے **تیسرا پیچ** چوکا کرکے طمانچہ
ماتہہ پکڑکے نمبر دو اپنی چہری نمبر تین کے ماتہہ پرسے اوتارکے جہکائی دیکے
ٹہنا ٹیک کے کہڑا ہوکے فوراً اپنی داہنی لات اوڑاکر نمبر تین اور نمبر ایک کے
ماتہہ پر رکہدیوے اور اپنے دونون ماتہون مین خم دیکے نمبر دو اور نمبر تین کے
ماتہہ سمیت اونکے گلے مین لپیٹ کے کہینچے رہے اور چہری مارے **چوتہا پیچ**
چوکا کرکے ماتہہ پکڑکے نمبر تین اپنی چہری نمبر ایک کے ماتہہ پرسے اوتارکے
دہوکا دیکے اپنی چہری کی باڑہ نمبر ایک اور نمبر دو کے ماتہہ کے نیچے رکہکے اوپر
کو اوٹہاکے جست کرکے بیچ سے نکل کر فوراً چہری مارے **پانچوان پیچ**
چوکا کرکے ماتہہ پکڑکے نمبر ایک اپنی چہری نمبر دو کے ماتہہ پرسے اوتارکے
جہکائی دیکے نمبر دو اور نمبر تین کے ماتہون پرسے جست کرکے جیت لیٹ جاوے

اور اپنی دونون لاتین نمبر ۲ اور نمبر تین کے مار کے چھری مارے جھٹا پیچ
چوکا کر کے ہاتھہ پکڑ کے چھری ہاتھہ پر چڑھائے رہے اور اپنے گھٹنے ٹیک کے
کھڑا ہو جاوے اور اپنی داہنی طرف مڑ کر بائین طرف پھر جاوے اور چھری کی
مار سے نمبر تین کی کلائی کاٹتا ہوا اوسکی گردن زخمی کرتا ہوا نمبر ایک کو بھی اوسطرح مارے

ساتوان پیچ چوکا کر کے طمانچہ پر ہاتھہ پکڑ کے نمبر ایک اپنی چھری کی مار سے نمبر ۲ کا ہاتھہ کاٹ دیوے اور بائین گھٹنے پر کھڑا ہو کے نمبر ۲ اور نمبر تین کے ہاتھونکو اپنے داہنے پاؤن سے باندھ لیوے اور اپنے بائین ہاتھہ مین خم کیے کے اوسکے گلے مین لپیٹ کے رہے اور نمبر ۲ کے چھری مارے



پیچ کی تصویر

آٹھوان پیچ چوکا کر کے طمانچہ پر ہاتھہ پکڑ کے نمبر ایک اپنے ہاتھہ کے نیچے سے نکل کے نمبر ۲ اور نمبر تین کے ہاتھہ پر لیٹ کے فوراً اپنے پاؤن سے اونکے ہاتھہ باندھ لیوے اور نمبر تین کے چھری مارے اور نمبر ۲ کے گھونسا مارے

پیچ کی تصویر



نوان پیچ چوکا کر کے طمانچہ پر ہاتھ پکڑ کے نمبر ایک جھکائی دیکے مع اونکے ہاتھونکے کود کے نمبر دو اور نمبر تین کے ہاتھون پر دو زانو سے بیٹھ جاوے وہ فورًا اپنے ہاتھونکے بل گر پڑیگے

پیچ کی تصویر



دسوان پیچ چوکا کر کے طمانچہ پر ہاتھہ پکڑ کے نمبر تین چپکائی سے اپنے پاون سے نمبر ایک کو باندہ لیوے اور اوسکے اوپر گھٹنے ٹیک کے کہڑا ہو کے نمبر دو کے ہاتھہ پر ہتکوڑا باندہ لیوے

پیچ کی تصویر



گیارہوان پیچ چوکا کر کے طمانچہ پر ہاتھہ پکڑ کے نمبر دو اپنے داہنے ہاتھہ سے نمبر تین کے ہاتھہ پر جھٹکا دیکے پیچھے لاوے اور اپنا پاون اوسکے ہاتھہ پر رکھکے نمبر تین کے ہاتھہ رد کے رہے اور چہری نمبر تین کے مارے

پیچ کی تصویر



بارہواں پیچ چوکا کر کے طمانچہ پر ہاتھ پکڑ کے نمبر ایک داہنی طرف پھیر کے
اپنی داہنی لات اوڑا کے نمبر دو کو باندھ لیوے اور نمبر تین کے بھی ہاتھ نمبر دو کے
نیچے بندھ جاوینگے

پیچ کی تصویر



تیرھواں پیچ چوکا کر کے طمانچہ ہاتھ پر پکڑ کے جھکائی دیکے چت
لیٹ کر اپنے پاؤں سے نمبر دو کو باندھ لیوے اور نمبر تین کے بھی
جھکا سے اوٹھا کر پہری نمبر تین کے پارے

پیچ کی تصویر



چودھوان پیچ چوکا کرکے طمانچہ مار کے جب ہاتھہ پکڑلیوین تو نمبر ایک
اپنی چھہری نمبر دو کے پیٹ پر بل دیکے اوتار دیوے اور ساتھی داہنی لات نمبر دو
کے اور نمبر تین کے ہاتھون مین مار کے پہر اپنی دونون لاتین نمبر دو اور نمبر تین
کی چھاتی پر مار کے گرا دیوے اور چھہری مارے مگر اونکی لاتونکا خیال رکھے

کشت بانا

بانا تعلیم مین رہکے سورہ فاتحہ پڑہ کے چارون جانب نگاہ کرکے چست و چالاک
ہوکے میزہ چلکے اجازت اوستاد سے لے کے بانا اوٹھاکے داہنے پاؤن مین خم دیکے بایان پاؤن سیدہا
اسطرح کہڑا ہوکہ بایان ہاتھہ لٹو کے اوپر اور داہنا ہاتھہ دوسرے اور تیسرے لٹو کے
درمیان مین پکڑکے ٹھاٹھہ پر تنا رہے

ٹہاٹ کی تصویر



پہلا انداز سلام کتا ہتہ سے کہڑا ہوکے داہنا پاؤن آگے بڑہا کے رکھے اور ساتہی بایان ہاتہ کمر کے برابر کھینچ لیوے اور داہنا ہاتہ روبرو رکہے پہر دونون ہاتہون سے بانے کو پلٹ کے ساتہی بایان پاؤن آگے لاوے پہر ہاتہونکو پلٹ کے داہنا پاؤن آگے لاوے اور تہا ہتہ سے ہوکر تین پیترہ بڑہ کر دونون ہاتہون سے لنگوٹ کے تین ہاتہ مارکے ہاتہون کو پلٹ کر داہنا پاؤن پیچہے اور بایان پاؤن آگے رکہکے پہر ہاتہون کو پلٹ کر داہنا پاؤن آگے بڑہا کر انی مارے اور بائین پاؤن کا پنجہ سیدہا کرکے ہاتہون کو بائین پاؤن کی طرف پلٹ کے گرہ کرکے سلام لیوے **دوسرا اسلام** تہا ہتہ سے کہڑا ہوکے داہنا پاؤن آگے بڑہا کے بایان ہاتہ کمر کے برابر اور داہنا ہاتہ روبرو پہر پاؤن کو مع دونون ہاتہونکے بائین گردش سے سامنے لاوے اور ساتہی گردش کے بایان پاؤن آگے بڑہا دیوے پہر داہنی گردش سے بانے کو سر کے گرد پہرا دیکے ساتہہ داہنا پاؤن آگے لاوے اسیطرح سے تین پیترہ چلکے تین ہاتہ لنگوٹ کے مارکے داہنے پاؤنکو پیچہے لاوے اور انی کے ساتہہ داہنا پاؤن آگے بڑہاوے اور بائین پاؤن کا پنجہ سیدہا ہواور گیہوم کے سلام لیوے۔

پہلی چال تہا ہتہ پر ہوکر داہنا پاؤن آگے بڑہا کے داہنی طرف سے بانے کو سر کے گرد پہرا کے داہنا کاٹ مارے اور بائین گردش کے ساتہہ بایان پاؤن آگے لاوے اور داہنے پاؤن کی جانب پلٹ کر بانے کو پہرا کے داہنا کاٹ مارے اور داہنی گردش کے ساتہی داہنا پاؤن پیچہے لاوے اور پلٹ کے داہنا کاٹ مارے اسیطرح سے بڑہتا چلا جاوے اور جب گہٹنا ہو تو گردش

کے ساتھہ پاؤن کو گھٹا دیوے اور دونون جانب داہنا کاٹ مارتا جاوے
اور اس چال کو اوسیطرح سے چارون طرف کرے اور حلقہ کے مانند بہی اوسی
طرح سے کرے۔ **دوسری چال** ٹہاٹہہ پر کہڑا ہوکر داہنا پاؤن بڑہا کر داہنی
بائین جہکائی دیکے بانے کو سر سے پہرا کے داہنا کاٹ مارے بائین گردش
کے ساتہی بایان پاؤن آگے بڑہا کے داہنی طرف پلٹ کے دونون جہکائی دیکے
داہنا کاٹ مارے پہر بائین گردش سے داہنا پاؤن پیچہے لاکے پلٹ کے
دونون جہکائی دیکے کاٹ مارے۔ اسیطرح سے بڑہتا چلا جاوے اور راستقاعدہ
گہٹ آوے اسکو تین اندازسے کرتے ہین۔ پہلے سیدہا بڑہتا چلا جاوے اور دوسرے
چار دنطرف اور تیسرے حلقہ کے مانند کرے **تیسری چال** ٹہاٹہہ پر کہڑا ہوکے
داہنا کاٹ بتا کے داہنی اور بائین پہانک مارکے سیدہا کاٹ مارے اور بانے
کو بائین گردش کے ساتہہ بایان پاؤن آگے بڑہا دے اور پلٹ کے پہر وہی ہاتہہ
چلے اور بائین گردش کے ساتہہ داہنے کو بائین پاؤن کے آگے لاوے اور پلٹ
کے وہی چوٹین مارے اسیطرح سے بڑہتا جاوے اور جب گہٹے تو گردش کے
ساتہہ پاؤن کو گہٹاتا آوے اسکو تین طرف کرتے ہین **چوتہی چال** ٹہاٹہہ پر کہڑا
ہوکے داہنا پاؤن آگے بڑہا کے بانے کو داہنی جانب سے بائین طرف لاکے
سر کے گرد پہرا کے چکر دیکے سیدہا کاٹ مارے اور بائین گردش کے ساتہہ بایان
پاؤن آگے بڑہاوے اور داہنے پاؤن پر پلٹ کے وہی ہاتہہ چلکے سیدہا کاٹ مارے
اور بائین گردش کے ساتہہ داہنا پاؤن بائین طرف سے بائین پاؤن کے آگے
پلٹ کے وہی ہاتہہ چلکے سیدہا کاٹ مارے اسیطرح سے بڑہتا اور گہٹتا رہے اسکو

دو طرح پر کرتے ہین **پانچوین چال** ٹھاٹھہ پر کھڑا ہوکے بانے کو بائین شانہ
پر سے داہنی طرف اور سر کے گرد پھیر کے چکر دیکے کاٹ مارے اور بائین کروٹ
دیکے بایان پاؤن آگے کرکے داہنی طرف پلٹ کے یہی ہاتھہ چلکے چکر دیکے کاٹ
مارے اسیطرح سے چاؤن طرف کرے **چھٹی چال** ٹھاٹھہ پر داہنا پاؤن آگے
بڑہاکے بانے کو دونون ہاتھون سے داہنی طرف اوٹا کاٹ مارتا ہوا بائین
پاؤن کو آگے لاوے اور داہنے مونڈہے پر سے پیچھے کھڑا بانے کے کاٹ مارے
اور داہنا پاؤن بائین پاؤن کے آگے لاکے پھر سیدہا کاٹ مارے پھر اسیطرح سے
کرتا ہوا چلا جاوے اور گھٹتا آوے اور اسکو چارطرف بہی کرے
ساتوین چال دونون ہاتھون سے بانا پکڑکے ٹھاٹھہ پر ہوکے بانے کو داہنے
مونڈہے پر سے گردش دیکے روبرو لاوے اور داہنے بائین پاؤن کے پنجہ کا رخ
بائین طرف کرے پھر بانے کو بائین مونڈہے پر سے گردش دیکے روبرو لاوے
اور دونون پاؤن کا رخ داہنی طرف کرے اگر بڑہنا منظور ہے تو پاؤن کو بڑہاتا
جاوے اور اگر گھٹنا ہے تو پاؤن کو گھٹاتا جاوے اور بانے کی گردش کے ساتھہ
تمام جسم کا رخ اوسیطرف کردیوے اسکو چارون طرف بہی کرے **آٹھوین چال**
ٹھاٹھہ پر کھڑا ہوکے داہنا کاٹ مارکے پھر بایان کاٹ مارے اور بایان پاؤن
آگے بڑہاکے بائین پاؤن کی طرف کھڑا کاٹ مارکے داہنے پاؤن کی طرف پلٹ
کے سیدہا کاٹ مارے پھر اوٹا کاٹ مارکے مارنے کے ساتھہ اوسیطرح
بڑہ جاوے اور وہی چوٹین مارتا چلا جاوے اور یہہ چال چارون طرف
خوب ہوتی ہے **نوین چال**

ٹہاٹہہ پر کہڑا ہوکے بانے کو دونون ہاتہون کو سر پر سے پہرا کے سیدہا کاٹ مارے
بائین پاؤن کا پنجہ پہیر کے داہنے پاؤن کو آگے لاوے پہر داہنے پاؤن کا پنجہ پہیر کے
بائین پاؤن کو آگے لاوے مگر بانے کو ہر بار سر پر سے پہیرتا رہے اور داہنے پاؤ
آگے کر کے بانے کو داہنی طرف سے بائین طرف لاکے سر پر سے پہیر کے داہنے
مونڈہے پر سے کہڑے کاٹ کے ساتہی بایان پاؤن آگے رکہے اور داہنی طرف
پلٹ کے سیدہا کاٹ مارے اسیطرح سے چارون طرف کرے اور یہ چال اوڑ
کے خوب ہوتی ہے **دسوین چال** ٹہاٹہہ پر کہڑا ہوکے داہنا کاٹ مارے
اور بائین پاؤن پر چکر کہا کے داہنے پاؤن پر ہوکے پہر کاٹ مارے اور بائین
پاؤن پر گہوم جاوے مگر گہومنے مین بانے کو سر پر سے گردش دیوے اسیطرح سے
جہانتک چاہے چلا جاوے اور جب واپس آئے تو پاؤنکو گہٹا کر بائین کاٹ پر چکر کہا کے
کہڑے اسیطرح سے چارون طرف ہی کرے **گیارہوین چال** ٹہاٹہہ پر کہڑا
ہوکے بانے سے لنگوٹ کا ہاتہہ مارنیکے ساتہی بایان پاؤن آگے لیجاوے
اور داہنے پاؤن کا پنجہ پہیر کے پلٹ کر داہنا کاٹ مارے پہر داہنا پاؤن بائین
پاؤن کے آگے لاکر کاٹ مارے پہر لنگوٹ کا ہاتہہ مارنیکے ساتہی اوسیطرح جیسے
بڑہتا چلا جاوے اور وہی چ[illegible] اور جب گہومے تو لنگوٹ کے ساتہہ پاؤنکو
گہٹا لیوے اسیطرح سے کرتا رہے **بارہوین چال** ٹہاٹہہ پر کہڑا ہو کر داہنا
کاٹ مارکے داہنے پاؤن کو بائین طرف لیجاوے اور اولٹا کاٹ مار کر بائین پاؤنکو
داہنی طرف لاوے اور سیدہے کاٹ کے ساتہہ داہنا پاؤن آگے لاکے
بائین پاؤن کو اوسکے آگے رکہے پہر سیدہا کاٹ مار کر گہوم جاوے اسیطرح سے حلقہ

کے مانند کرے **تیرھوین چال** ٹہاٹہہ پر کہڑا ہوکے بانے کو بائین مونڈھے
پر سے سر کے گر دہپرا کے داہنے پاؤن کو اوٹہا کر بائین طرف رکھے اور کہڑا
کاٹ مارے پہر بانے کو داہنے مونڈھے پر سے سر کے گر دہپرا کے بائین
پاؤن کو اوٹہا کر داہنی طرف رکہکے کہڑا کاٹ مارے اسیطرح سے دونون
جانب کاٹ مارتا ہوا اور پاؤن سے پیترہ کرتا ہوا چلا جاوے اور جب گھٹی
تو اونہین ہاتہونکو مارے اور پاؤنکو گہٹاتا آوے **چودھوین چال** ٹہاٹہہ
پر کہڑا ہوکر بانیکو بائین شانہ پر سے داہنی طرف لاکے پہر بائین طرف سے سر کے
گر دہپرا کے جب اوٹا کاٹ مارے تو بایان پاؤن تہوڑا اوٹہا کر تہپکی دیوے
اور داہنے پاؤن کو بائین طرف رکہکے تہپکی دیوے اور چکر کہاکے سیدہا کا
مارکے اور پہر کر پہر سیدہا کاٹ مارے جسطرح سے پہلے کیا وہی کرے اور اولٹے
کاٹ پہرے اسیطرح چارون طرف کرے **پندرھوین چال** ٹہاٹہہ پر کہڑا
ہوکے داہنا پاؤن آگے بڑہا کر بانے سے سیدہا کاٹ مار کر لنگوٹ کا ماٹہہ
مارے اور بایان پاؤن چوٹ کے ساتہہ آگے لاوے اور داہنے پاؤن کی
طرف پلٹ کے پہر سیدہا کاٹ مارے اور ساتہی لنگوٹ کے ماٹہہ کے
بایان پاؤن بڑہا دیوے اسیطرح سے چارون طرف کرے

تلوار و تفنگچہ اور چند ضروری باتون کے بیان مین

تلوار مع داہنے ہاتہہ کو سیدہی کرکے اور بائین ہاتہہ مین تفنگچہ لیکے کمر کے برابر بایان ہاتہہ
رکہکے داہنا پاؤن کو بڑہا کے ٹہاٹہہ سے چست و چالاک ہوکر کہڑا ہو اور داہنے
ہاتہہ کو بائین جانب مٹھنے کے ساتہی داہنا پاؤن بائین پاؤن کے آگے لاوے اور سیدہا ٹہاٹہہ

ٹھاٹہ کی تصویر



پہلا انداز تلوار اور تفنگچہ لیکے ٹھاٹہ سے کھڑا ہو کر سیدھا کاٹ مار کے کاٹ تلے سانہی بایان پاؤن آگے لاکے تلوار کا ہاتہہ کمر کے برابر رکھے اور بائین ہاتہہ سے تفنگچہ کا فیر کرے اور داہنی طرف پلٹ کے سیدھا کاٹ مارے اور اوٹے کاٹ کے ساتہہ بایان پاؤن آگے لاکے تلوار کا ہاتہہ کمر کے برابر ہی اور بائین ہاتہہ سے تفنگچہ کا فیر کرے اسیطرح سے چار و نطرف مارتا اور فیر کرتا رہے

دوسرا انداز بڑہ نیکا تلوار اور تفنگچہ لیکے ٹھاٹھہ سے داہنا پاؤن بڑہا کر سیدھا کاٹ مار کے اور اوٹے کاٹ کے ساتہہ بایان پاؤن آگے لاکے تلوار کا ہاتہہ کمر کے برابر رکھے اور بائین ہاتہہ سے تفنگچہ کا فیر کرے اور داہنی طرف پلٹ کے سیدھا کاٹ مارے اور اوٹے کاٹ کے ساتہہ داہنا پاؤن آگے

بڑھا دیوے اور داہنے ہاتھہ کو کمر کے برابر رکھے اور تفنگچہ کا فیر کرے اسیطرح سے اولے
کاٹ پر بڑھنا چاہیے ایک بار داہنے پاؤن سے دوسرے بار بائین پاؤن سے اور
داہنے پاؤن کیطرف پیدہا کاٹ اور بائین پاؤن کیطرف تفنگچہ کا فیر ہوگا اسطرح سے
بڑھتا اور لڑتا رہے ہمراہ اندازہ تلوار اور تفنگچہ لیکے ہاتھہ پر داہنا پاؤن آگے بڑھا کے
ٹھہرا ہوا اور تلوار سے لنگوٹ کا ہاتھہ بتا کے ہاتھہ کو پیٹھ کے ساتھی بایان
پاؤن داہنے پاؤن کے آگے لاوے اور سر مارے اور تفنگچہ کا فیر کرے اور داہنے پاؤن
کیطرف پیٹھ کے سیدہا کاٹ مارے اور داہنے پاؤن کو بائین گردش کے ساتھہ
داہنا پاؤن بائین پاؤن کے آگے لاکر وہی چوٹین مارے اور فیر کرتا جاوے اسیطرح
سے بڑھتا جاوے اور پہرپنکا یہہ اندازہ ہے کہ جھولی مین کارتوس ہون تو اوسیطرح
سے ہاتھہ مارتا جاوے اور فیر کرتا جاوے اور انہین پیزون پر پہرتا جاوے۔
واضح ہو کہ تلوار اور تفنگچہ کے مختصر اندازہ تحریر کئے ہین انہین پر قیاس کرنا چاہیے
اور غور کرے تو ہر روش اور چال سے ہوسکتا ہے اسواسطے طول نہین دیا۔
نصیحت چاہیے کہ اپنی کثرت پر نازان ہوکر بے حقیقت کسی کو نجانے اور ہر
کس و ناکس سے مقابلہ نکرتا پہرے ورنہ زک اوٹھاویگا کیونکہ اللہ تعالی نے بحکم
فضلنا بعضھم علی بعض کسی پر ختم نہین فرمادے جہانتک ہوسکے اپنے کو عاجز اور
ہیچمدان جانے انکساری اور انکساری کو اپنا شعار کرے وہ بڑا جوانمرد ہے جو باوجود
دلی طاقت کمزور پر زور آزمائی نکرے چنانچہ نظامی علیہ الرحمۃ فرماتے ہین بیت
بر عجز ورحمت ہر دگمان۔ گمان دارم ولیک بر ندارم گمان۔ ہمارے برادر اور
استاد حضرت سید اکبر علی صاحب مرحوم خیرابادی کی وصیت ہے کہ ہرگز کسی سے

مقابلہ کا قصد کرنا اگر کوئی شخص قصد مقابلہ کا کرکے آوے اور درخواست لڑنیکی کرے
بہانتک ہوسکے اوسکی منت وسماجت کرکے اوسکو اس ارادہ سے باز رکھنا اگر
وہ کسی طرحسے نمانے تو یہہ دریافت کرنا چاہیئے کہ اوسکی آبرو اپنے سے کم ہے یا زیادہ
اگر کم ہے تو ہرگز اوس سے مقابل نہووے اور نرمی کے ساتھہ اوس سے پیش آوے
اور اگر دیکھے کہ آدمی نمودکا ہے تو اوس سے ہرگز انکار نکرے۔ وقت کثرت کے
اکثر ناواقف یہہ کہتے ہین کہ انکو کیا آتا ہے اگر لکڑی لیکر کھڑا ہوتا ہون تو جتنی کثرت
ہے سب بھولا دیتا ہون اوسکے پاسے جواب مین ہرگز نہ آنا چاہیئے بلکہ نہایت
تہذیب سے اسیقدر جواب پر ختم کلام کردے کہ آپکا ارشاد بجا ہے۔ اور اس
فن مین کسی کو جب شاگرد کرے تو پہلے نیاز مبارک حضرت سرور کائنات خلاصہ
موجودات اور حضرت علی بن ابیطالب کرم اللہ وجہہ اور اصحاب کبار رضہ کی
کرے اور شاگرد کو تعلیم کرے کہ اس فن کو ایسی موقع پر صرف کرنا جسمین جان نثاری
اپنے آقاے ولینعمت کی ہو یا حفاظت اپنی جان وآبرو کی یا حمایت اسلام اور حرم
شعر من نوشتم صرف کردم روزگار۔ من نمانم این بماند یادگار۔ تاریخ ہم جمادی الثانی

التماس

خاکسار نے طایران ضرب ورود کو بڑے داؤن وپیچ دتوڑ وجوڑ سے دام قلم مین
پھانس کر قفس کاغذی مین بند کیا پر بند رہنا دشوار دیکھکر شہباز تیز چنگال سنگ مطبع
کو سپرد کیا اوس نے سبکو چھاپ لیا لہذا امیدوار ہون کہ قدردان انصاف گستر ملاحظہ کے
وقت احقر کو دعاے خیر سے یاد فرماوین خطاے انسانی سے اگر نقطہ زاید وکم نظر
مین آوے یہہ سمجھہ لیوین بی عیب ذات اللہ جل شانہ کی ہے جسطرح سے میرے

اوستاد مرحوم نے بعد تجربہ قابلیت مجھے رازدار نہفتہ اسرار کا فرمایا جو اونکے سینہ مین تھے اوسیطرح مینے بھی برخوردار محمد علیخان اپنے فرزند خورد کو قابلیت اور شائستگی اور نیک چلنی دیکھکر اپنا خلیفہ کیا اور وہ تمام اسرار اوسے تعلیم کر دیئے جو اوستاد مرحوم سے مجھے خلافہ پہونچے تھے حیدرآباد اور خیرآباد مین اور جہان کہین میرے شاگرد ہین سب سے امید ہے کہ بجاے میرے برخوردار محمد علیخان کو تصور فرماوین اب میری عمر ۸۴ سال کی ہوچکی ہین ہر وقت پیام اجل کا منتظر اور دعاے مغفرت کا ہر فرد مسلمان سے آرزومند ہون یہہ رسالہ میرا اسلام آخر ہے جسکی قبولیت کی امید ہر ناظر رسالہ مذکور سے رکھتا ہون اور اس مناجات پر اپنا التماس ختم کرتا ہون

مناجات بدرگاہ مجیب الدعوات

گناہونکا میرے سر پر گران ہے یا اللہ
کڑی منزل پہونچنا ہے مجھے دشوار یا اللہ

خداوندا تیری درگاہ مین ہے التجا میری
شفیع ہون روز محشر احمد مختار یا اللہ

مجھے تو بخشدے اپنے حبیب پاک کے صدقے
پشیمان منفعل روتا ہون زارزار یا اللہ

اتھی ڈوبا ہون بحر عصیان کے تلاطم مین
مدد جو تو کرے ہو جاے بیڑا پار یا اللہ

کمر محتاج ای یارب کسی خویش اقارب کا
ہر ایک سے التجا کرنا ہے ننگ و عار یا اللہ

اتھی مرتے دم منہہ سے میرے جاری ہے کلمہ
زبان سے نکلے ہر دم توبہ استغفار یا اللہ

مجھے سختی جانکندن سے ای خالق بچا دینا
بس آسانی سے چھوڑے روح جسم زار یا اللہ

اتھی قبر کی تنگی و تاریکی سے ترسان ہون
فراخی قبر مین ہو اور ترے انوار یا اللہ

نکیرین آکے پوچھین قبر مین ہے کون رب تیرا
پڑہون کلمہ شہادت اوس گھڑی ہر بار یا اللہ

میرے شاگرد جتنے ہین ہمیشہ خوش رہین یارب
نہو غم مفلسی کا اور نہون بیمار یا اللہ

ثمرۂ از نتایج طبع خاتم الفصحاء ملک الحکماء ارسطو فطرت ولاطون حکمت خلاصۂ خاندان مصطفوی نبیرۂ دودمان
مرتضوی صاحب السیف والقلم حسان العرب والعجم علامۂ زمان فہامۂ دوران اوستاد السلاطین حضرت
اقا سپہر علی خان اشوشتری لمخاطب بسپہر سلطان العلماء نواب ادیب الدولہ ستاد الملک بہادر دام اقبالہ العالی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ الذی لیت محمد صلی اللہ علیہ وسلم علی فترۃ من الرسل مرقاۃ
من السبل وامرہ بالصدع فیما امر والاعراض عن المشرکین بما البث وقرر
بقولہ فاصدع بما تومر واعرض عن المشرکین واصلی واسلم علی المبعوث
بالحق بشیرا وندیرا من جعلہ اللہ ہادیا للامۃ ونصیرا وفی نور الہدایۃ سراجا
منیرا وعلی الہ الطیبین صفوۃ البواتر وصحبہ المنتخبین رماحہ الشواجر و
التابعین لہم باحسان الی یوم یکون الدین للدیان و بعد چون این کتاب در فن
مقابلہ و مضاربہ و مطاعنہ و محاربہ برائے صیانۃ خود از عدد و غلبہ بر دشمن دیدم و مصنفش را
اوستاد این فہمیدم و برائے العین مشاہدہ کردم و ملاعب و مضارب را در سر بجا آورده دیدم
فی الواقع این فن را دیگران سینہ بسینہ داده اند و در بواطن خود این خزینہ را دفینہ نہاده اند
اما این شخص بزرگ کہ اسم سامی و نام نامیش **محمد عبد الغفور خان** صاحب خیرآبادی
انچہ از اوستاد یاد داشتہ درین کتاب ودیعہ گذاشتہ تا آنکہ عموم مسلمانان ازان فائدہ برند و
از فوائد آن خورند بخبر خود دارش **محمد علیجان** این فنون را کما ینبغی کسی دیگر اگر آموختہ پس این علم
چونکہ از قبیل علم قرات است کہ بخبر اعمال از سطور و حروف مطلب بر نیاید و تا انسان عمل او را
بیند معمائے آن مطالب ہرگز عقدہ خود نکشاید لہذا ہر کس را کہ جوش مسلمانی بر سر و محبت
اسلام در دل و فتوت عربیت در جبلت و غیرت و حمیت در سجیت باشد از قبیل وجوب عینی

لازم است این فن شریف بیاموزد و این سرمایه عزیز را برای خود بیند و روز را که فن سپاهگری و میدان داری و مراماة شرط بازی و تیراندازی و نیزه باری و شمشیر آزمائی و خنجر گذاری واجب عینی است اگر چشم واکنیم نه کفای بر هر مسلمان فرض عین است وَلْيَجِدُوا فِيكُمْ غِلْظَةً بحکم آیت شریفه قاضی بر این مبین است هو الجابی عن العین کل عین است وَدَوَامُهُ علی الاجماع واجب است و تعلیم این قسم مدافعه او جب چرا که ما بسیم همه زوره باز و یا دسواد غیر اسلامین بحفظ خود واجب میشود قال تعالی وَاَعِدُّوا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ رِبَاطِ الْخَيْلِ تُرْهِبُونَ بِهِ عَدُوَّ اللّٰهِ وَعَدُوَّكُمْ ازین آیت وافی هدایه اطاعت بقدر استطاعت باید کرد منظور ما برای مسلمانان خیر است و دفع شر غیر است اَللّٰهُمَّ انْصُرِ الْاِسْلَامَ وَانْصُرْ مَنْ نَصَرَهُ وَاخْذُلِ الْكُفْرَ وَالْكَفَرَةَ لِسَيِّدِ الْبَرَرَةِ وَاٰلِهِ الْمَيَامِيْنَ الْعَتَرَةِ الْمُطَهَّرَةِ وَصَحْبِهِ الْمُنْتَخَبِيْنَ لِاَسْمَاءِ الْعَشَرَةِ الْمُبَشَّرَةِ

تقریظ فاضل المعنی کامل الکیاشه سواد عرضه سخندانی یکه تازمیدان زبور

فهمی نازل مخیا شاعر بی عدیل یا ترجمه نظیر و لوی حافظ ملولی محمد جعفر صاحب

زهری رئیس خیر آباد زاد الله دولته و اقباله

بنام خداوند تیغ آفرین | بمیغ از سر کوه تیغ آفرین
میدان که شمشیر بازی کند | بتوفیق او سرفرازی کند

تیغ و سیف هر قسم کا سلاح جو حفاظت جان و دفع دشمن کر سکے کیسا ہی دلیر و جوان مرد ہو

جب تک اوسکے فن کو نجانے نہ اوس سے وہ کام لے سکتا ہے جو موقع کی مناسب ہے نحفاظت جان کی کرسکتا ہے نہ دفع دشمن سپاہی جو فن سے واقف ہے ایک سپاہی گنوار سے تلوار چھین لیتا ہے اور ناواقف فن اپنی جان کے ساتھہ تلوار کی آبرو کھو بیٹھتا ہے ہر فن کی کتابین دیکھنے مین آئین افسوس کی بات ہے اس فن مین کوئی کتاب نستعلیق ہر مرد کو ضرورت ہے وجسپتی وچاکی اعضا جوارح اور حفاظت جان کیلئے ایسی ضروری چیز ہے جیسے بیمار کیلئے نسخہ شفا اور عمی البصر کے واسطے سرمہ نور افزا میر اکبر علیصاحب خیرآباد ضلع سیتاپور مین فن کشرت وپٹہ وبانک وغیرہ کے بہت بڑے اوستاد تہے اونکے کمالات اس فن مین ایسے اعلے درجے کے تہے کہ اوس زمانہ کے اساتذہ نے بہی اونکو کامل مان لیا تہا خیرآباد کے ہندو مسلمان شرفا تو اونسے یہہ فن سیکہتے ہی تہے اونکے علاوہ امصار وبلاد سے لوگ اونسے سیکہنے کو آتے تہے میر صاحب مرحوم میرے حال پر بزرگانہ عنایت فرماتے تہے اس کمال کے ساتھہ اخلاق اونکے ایسے محمود وجمیل تہے کہ ہر خورد اونکی صحبت کی آرزو کرتا تھا اور ہر مساوی اونکے دوستانہ برتاؤ کا شکر گذار ہوتا تہا ۱۳۳۲ھ مین میر صاحب نے انتقال فرمایا میر صاحب مرحوم نے عبدالغفور خان صاحب کو اس فن کی تعلیم اسطرح سے فرمائے تہے کہ گویا بعد میر صاحب مرحوم کے خانصاحب موصوف اونکی بہترین یادگار رہین گے کوئی دقیقہ اس فن کا ایسا نہین جسکی تعلیم انکو نہ کی ہو یہانتک کہ میر صاحب مرحوم نے انکو اپنا خلیفہ اپنی زندگی مین کر دیا اسکے علاوہ خانصاحب کو میر صاحب مرحوم کے ساتھہ ایک برادرانہ نسبت بہی ہے خانصاحب موصوف کے اکابر کو میرے اکابر سے ایک اتحادی خصوصیت چلی آتی ہے خصوصیت اکابر کی وجہ سے مین بچپن

ہیں سے ایسا اونکو جانتا ہون جیسے میرے بزرگ بی عم اور خانصاحب ممدوح بہی میرے
حال پر بزرگانہ برادرانہ عنایت مبذول فرماتے ہین جب کبہی میر صاحب مرحوم کے
کمالات مجھے یاد آتے تھے تو مجھے افسوس ہوتا تہا کہ کاش میر صاحب مرحوم اس
فن مین کوئی چیز لکہہ گئے ہوتے تو آجکیسا کچہہ فائدہ لوگونکو ہوتا الحمد للہ علی احسانہ اب
مدت کے بعد بہائی عبد الغفور خانصاحب کو جو آسی برس کی عمر مین اسکا خیال
ہوا اور اس فن مین ایک کتاب لکہی جسکا نام **آئین حرب و قوانین ضرب**
ہے یہہ کتاب مینے دیکہی باب اول کی چار فصلین کرکے پہلی فصل مین تلوار و
لکڑی کے انداز بتائے دوسری فصل مین اوسکے پیچ تیسری فصل مین یکدستی و دودستی
پٹہ و سیف و سپر چوتہی فصل مین جینیہ و کٹار، دوسرے باب کی پہلی فصل مین ضرب و حرب
کی روک کے اقسام دوسری فصل مین سلامونکے انداز تیسری فصل مین گہائیونکے
انداز چوتہی فصل مین داہنی طرف کے پیچونکے انداز پانچوین فصل مین داہنی طرف کی
توڑ چھٹی فصل مین بائین طرف کے پیچ ساتوین فصل مین اونکے توڑ آٹہوین فصل مین
سامنے کے پیچ نوین فصل مین اوسکے توڑ دسوین فصل مین کہڑے پیچونکے انداز گیارہوین
فصل مین اوسکے توڑ بارہوین فصل مین جسم کے بل اور لڑائی کے انداز اور پہلے کی
چوٹون کے اصول اور دلبانک کے انداز پیچ اور بانا اور تلوار و تمنچہ کے انداز اور چند
ضروری نصایح۔ اس کتاب کے دیکہنے سے معلوم ہوا یہہ بہی ایک دقیق فن ہے
اور صرف علم سے آنہین سکتا تا وقتیکہ علم کے ساتہہ عمل نہو مصنف موصوف نے جہان
کسی چیز کا ذکر کیا اوسے ایسی خوبی سے بیان فرمایا کہ خود شاگرد سے مقابل ہوکر اونکی
صورت دکہادی یہہ ایک ایسے لاجواب فن کشرت مین کتاب لکہی کہ ہر کتاب

دیکھنے والے کے سامنے بیٹھ کر گویا اوسے تعلیم دے رہے ہین یہہ جواہر پارہ جو
اوستادان فن کثرت کے صندوق سینہ مین اونکی نعش کے ساتھہ زمین مین دفن ہوگئے
تھے گویا اونکی قبر وںسے نکالکر چشم ناظرین کے سامنے رکھدی اور میرے مخدوم
میر اکبر علیصاحب مرحوم اور اونکے اساتذہ کے نام کو زندہ کردیا اس کتاب کی
تعریف جسقدر کیجاوے وہ کم ہے اور ممنون فیضرسانی کا مصنف کا ایک عالم
کتاب کی عمدگی جسقدر عبارت اپنی سچی تعریف مین چاہیگا ہے اگر وہ تمام عبارت جیطہ
قلم مین مقید کی جاوے تو اصل کتاب سے زیادہ ایک کتاب جداگانہ ہوجاتی ہے
اور تعریف اپنی حد کو نہین پہونچتی تھی اسقدر لکھنے کے بعد مینے عزیز از جان برخوردار مولوی
احمد حسین خیرآبادی وکیل ہائے کورٹ سرکار نظام کی تقریظ دیکھی برخوردار موصوف
نے واقعی تقریظ نہایت اچھی لکھی اور اوسمین موجودہ اور گذشتہ حالت زمانہ کے
ایسے دکھائے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس فن کی بہت ضرورت ہے اور
جسکو عدو کے مقابل مین مضرت پہونچے اس فن کے نجاننے کی وجہ سے پہونچے۔
مینے جسقدر اپنے بیانکو مختصر کیا تھا اوسے قدر برخوردار کی تقریظ ضرورت تفصیل
واقعات کی وجہ سے مطول ہوگئی اگرچہ وہ تقریظ اس فن کی ترغیب تعلیم مین مفید
منافع زیادہ سے ہے مگر بوجہ اطالت اوسکے طبع مین مصارف طبع کی زیرباری زیادہ
ہوتی ہے اور اگر مختصر کیجاوے تو وہ تفصیل رہی جاتی ہے جس سے ضرورت اس
فن کی سمجھی جاوے برخوردار کی تقریظ ایسی اچھی ہے کہ اگر زیادہ حصہ میرے
بیان کا چھپ بجاتا تو مین برخوردار کی تقریظ کا خاتمہ اپنے قطعہ تاریخ پر کرتا اب
مین اپنی تقریظ اور عزیز موصوف کی تقریظ ایک کرکے برخوردار کے قطعات تاریخ

پر خستم سخن کرتا ہون

تاریخ طبع

بکسرت زاوستاد عبد الغفور | کتاب شگرف است آئین حرب
بتاریخ طبعش نوشتہ قلم | کہ زیبا قوانین و آئین ضرب

۱۳۱۴ھ

قطعات تاریخ نازک خیال سخن آفرین جامع فضیلتہای دل گزین نودعی مولوے احمد حسین صاحب خیرابادی وکیل ہای کورٹ سرکار عالی

بہر حفظ جان و دفع خطرہ ضرب حریف | نسخہ نادر نوشت اوستاد فن عبد الغفور
جملہ طرق ضرب شمشیر و فن بانک و پٹہ | درج کردہ تا ضرورت بے طوالت بے قصور
نام نامیش نہاد از نسبتش آئین حرب | یافتم از خواندن عمدہ مضامینش سرور
گفتم از احمدیٔ تاریخ دہم بہر دعا | گفت ماند یادگار از عمیم عبد الغفور

دیگر

ماہر بے مثل اوستاد فنون نافعہ | نسخہ بنوشت زان شد فائدہ بر فائدہ
خویش متاع گنج سینہ را بیغماز دصلا | عام بہر دوست و دشمن کرد خوان مائدہ
در فن حرب از عدد آئین حفظ خویشتن | چیرہ دستی را دران تحریر بجید قاعدہ
سال تاریخش چو جستم ہاتف غیبی بگفت | گوے احمد با سرور و با نشاط زائدہ

در اعداد ۱۳۱۴ھ

در عدد فضلی سن تصنیف و نبوی در حروف | بود از بحری ہزار و سہ صد و شش بعد دہ

تاریخ نتیجہ فکر شاعر بیمثال نازک خیال سخنور گوئی خوش کلام عالی طبع پنڈت سوج بھان صاحب میکش تھانوی

عبد الغفور خان نے لکھی ہے عجب کتاب | فن سپہ گری کے دکھائے ہین سب مقام
لکڑی کی ہینک ہے کہین پھوے کا ذکر ہے | چوٹین ہین بانک کی تو کہین ضربت حسام
ہر پیچ پر ہے پیچ تو ہر بند پر ہے بند | لکھے وہ توڑ جو رسمجھہ لین جو خاص و عام

کیا کیا پٹہ کے ہٹا ہٹہ جمائے ہین جا بجا — کس کس طرح سے درج کیے ہین نئے سلام
مرقوم جب کیے ہین طریقہ بنوٹ کے — لاٹھی سے جنہین لی ہے وہین تیغ بی نیام
کس ڈہنگ سے بچائی ہین چوٹین حریف کی — وہ گہائیان جنین کہ نہین جنمین کچھہ کلام
تیغ و سپر کا حال ہے لکھا تو یون لکھا — بے پیرہ کے رکہا قلم نے نہ ایک گام
یہہ وہ رسالہ ہے کہ دلیرون کی جان ہے — لین فیض جس سے رستم و سہراب او رسام
مرد نبرد کیون نہ بنین پیرو نوجوان — جو اسکو دیکہہ دیکہہ کرین مشق صبح و شام
ہے انتظام اسمین ہر اک حرب و ضرب کا — یہہ تو یقین ہے قدر کرین گے شہ نظام
میکش جو وہمین از سر فوت تبا ہوئے — آئین حرب اور قوانین ضرب نام

واہ کیا نایاب لکہی ہے کتاب — قطعہ دیگر — کہلتا ہے سب جس سے راز حرب و ضرب
کر تجھے تاریخ کی کچھہ فکر ہے — کہدے میکش ہے یہہ ساز حرب و ضرب

۱۳۱۶

اعلان

از جانب مصنف

مینے جملہ حقوق تالیفی کتاب ہذا کی محمد علی خان فرزند و خلیفہ کو تفویض کر دیے ہین جسکی برخوردار نے رجسٹری بہی کروالی ہے پس کوئی صاحب بجنسیہ یا بتغیر و تبدل و یا بطور ترجمہ و یا کمی و بیشی مطالب بغیر حصول اجازت محمد علیخان کے قصد طبع فرماوین بامید نفع کے نقصان نہ اوہٹاوین۔

المشتہر

محمد عبد الغفور خان خیر آبادی

نوٹ اگر کوئی صاحب اسکتاب کو طلب فرماوین تو اس تیج سے روانہ ہو سکتی ہے۔

یہ کتاب حیدر آباد دکن بمحلہ اردو مکان مولوی احمد حسین وکیل ہائکورٹ محمد علیخان فرزند

اور جسکتا ہے

خلیفہ مصنف موصوف فقط یہہ کتاب رجسٹری شدہ ہے



محمد علیخان، فرزند و خلیفه مصنف موصوف


تلوار
تفنگچہ
کٹار
تلوار
تفنگچہ
جنبیہ
کہنالہ
محمد عبدالغفور خان خیرابادی مصنف کتاب
بانا
پیشہ
سیف
پیش قبض
پیش قبض

محمد عبد الغفور خان خیرآبادی مصنف

